Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 18: Honourable Special Assistant for Agriculture.

څوک؟ عارف یوسف صاحب۔

معاون خصوصی برائے قانون وپارلیمانی امور: شکریہ جناب سپیکر۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کوایسی رقم جو مبلغ 1ہزار590روپے سے متجاوز نہ ہو،ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران تحفظ حیوانات کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees one thousand 590 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Livestock? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted.

14 ته بیا را شئ، ډیمانډ نمبر 14۔

مولانا لطف الرحمان (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی جی، مولانا صاحب، مولانا لطف الرحمان صاحب۔

## رسمی کارروائی

قائد حزب اختلاف: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب! بہت بہت شکریہ۔ یہ جو ابھی منور خان صاحب نے جس پوائنٹ پہ بات کی ہے، جناب سپیکر! اصل میں ہم ہمیشہ جمہوریت کے مستحکم ہونے کی بات کرتے ہیں اور جب ہم عوام کے سامنے ہوتے ہیں، جلسوں میں ہوتے ہیں تو ہم مضبوط جمہوریت کی بات کرتے ہیں۔ جمہوریت کیلئے بہت ساری قربانیاں دی گئی ہیں، جب سے ہمارے ملک میں ڈکٹیٹر شپ آتی رہی ہے اور مسلسل عشروں تک وہ ڈکٹیٹر شپ رہی اور پھر اس پہ جمہوری سیاسی پارٹیوں نے جو جمہوریت کیلئے قربانیاں دی ہیں جناب سپیکر! وہ کسی سے ڈھکی چھپی نہیں ہیں۔ تاریخ کا ایک حصہ ہے کہ ڈکٹیٹر کے خلاف ہماری ان سیاسی پارٹیوں نے جمہوریت کے مستحکم ہونے کیلئے جو قربانیاں دی ہیں تو جناب سپیکر! ایک

ایسے لیڈر سے جو تحریک انصاف کے سربراہ ہیں اور وہ جب بھی، جب دھاندلی کے خلاف ایک تحریک شروع کر رہے تھے تو تب بھی انہوں نے کہا تھا کہ ہم ایک بہتر جمہوریت کی بات کرنا چاہتے ہیں، ہم جمہوریت کو ڈی ریل نہیں کرنا چاہتے جناب سپیکر! اور ہم جمہوریت کو مستحکم کرنا چاہتے ہیں۔ تو جناب سپیکر! جو کل انکے بیانات آئے ہیں اور انہوں نے یہ Threats دی ہیں کہ اگر ہمیں ان حلقوں کے حوالے سے انصاف نہ ملا تو ہم پراونشل اسمبلی Dissolve کر دینگے۔ جناب سپیکر، یہ تو میں سمجھتا ہوں کہ ایک غیر سیاسی اور جمہوری اداروں کے خلاف اور جو جمہوریت مستحکم کرنے کی بات کرتے ہیں، اس جمہوریت کو ڈی ریل کرنے کے مترادف ہوگا، اس طرح کے بیانات دینا میں سمجھتا ہوں کہ غیر سنجیدہ اور غیر سیاسی بیانات ہیں جناب سپیکر! یہ ایک مشکل دور سے گزر کر یہ لوگ پبلک کی نمائندگی کرنے کیلئے اسمبلی میں آتے ہیں اور اگر ہم اس طرح Threats دیتے رہتے، میرا وہ فلاں مسئلہ اگر حل نہ ہوا تو پھر ہم جو ہے سارے اس کو ختم کر دینگے، دا خو هغه پښتو کښې مثال دے وائی چې کتاره غوا ترې جوړه شوه او چې کوم هغه کښې زما برخه نه وی نو بس هغه کوندک هم په لتې باندې وهم نو دا خو څه طريقه نه ده، یہ کوئی طریقہ نہیں ہے جناب سپیکر۔ تو ہمیں ایک ایسی پارٹی کے سربراہ سے یہ توقع نہیں ہے کہ ایک صوبے میں حکومت کر رہے ہیں، مرکز میں ایک معقول ان کے حزب اختلاف میں انکے لوگ ہوں اور دوسرے صوبوں میں بھی انکے ممبران ہوں اور وہ لوگ استعفوں کے علاوہ Dissovle کرنے کی بات جناب سپیکر! کریں تو اس سے جمہوریت کو جو نقصان پہنچے گا اور میں سمجھتا ہوں کہ وہ حلقے جس کیلئے وہ الیکشن کمیشن میں ہیں یا کورٹ میں ہیں تو وہ کورٹ نے اسکا Decision کرنا ہے اور وہ (چند) ایک حلقوں کی بات ہے کوئی پورے ملک کے حوالے سے انہوں نے بات نہیں کی اور ان حلقوں کے حوالے سے جو Decisions آنے ہیں، وہ ان اداروں نے دینے ہیں لیکن اس کے ساتھ اس کو نتھی کرنا کہ ہم اسمبلی کو توڑ دینگے تو میں کہتا ہوں کہ یہ غیر جمہوری اور آئین کی ماورا بات ہے اور اس بات کیلئے کوئی حق انکو نہیں ہے کہ وہ اس اسمبلی کو توڑنے کی بات کریں جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی، نگہت اورکزئی۔ ان سے تو زیادہ۔

<u>محترمہ نگہت اورکزئی</u>: جناب سپیکر صاحب! اپوزیشن لیڈر صاحب نے بہت تحمل اور بہت ایک سنجیدہ یہاں پہ بات کر کے یہ ثابت کر دیا ہے کہ اپوزیشن میں جو لوگ بیٹھے ہوئے ہیں، اس وقت وہ تمام لوگ یہ چاہتے

ہیں کہ جمہوریت جو ہے، وہ پھلے پھولے اور جمہوریت کو کسی قسم کا نقصان ایسا نہ ہو کہ کل کو خدانخواستہ میرے منہ میں خاک کہ پھر یہ ہم لوگ بیس سال یا پچیس سال ایسی جمہوریت کیلئے بھی ترس جائیں کیونکہ بہت بری جمہوریت جو ہے، وہ بہتر ہوتی ہے اس حکومت سے کہ جو غیر سیاسی بھی ہوتی ہے اور غیر آئینی بھی ہوتی ہے اور غیر قانونی بھی ہوتی ہے۔ جناب سپیکر صاحب، عمران صاحب ایک بہت بڑی پارٹی کے لیڈر ہیں اور میں سمجھتی ہوں کہ انکے ایسے بیانات جو ہیں اور خاصکر ایسے وقت میں کہ جب ہماری فوجیں جو ہیں اور جب ہماری فوج کے جوان جو ہیں، وہ شمالی وزیرستان میں اپنی جانوں کے نذرانے پیش کر رہے ہیں، ماؤں کے گھروں میں، بہنوں کے گھروں میں، بیوی کے گھر میں، بچوں کے باپ جو ہیں تو وہ شہید ہو کر انکی لاشیں، وہ ان درندوں کے جن کے Against وہ نبرد آزما ہیں، ہم لوگ انکی لاشیں اٹھا رہے ہیں اور اس وقت پانچ لاکھ کے قریب آئی ڈی پیز ہمارے مہمان ہیں تو جناب سپیکر صاحب! بجائے اس کے کہ ہم غیر سیاسی، غیر آئینی اور غیر قانونی طور پہ ایسے بیانات دیکر، اپنی سوچ کو بچگانہ سوچ ظاہر نہ کریں، اب عمران خان صاحب Sixty plus ہو گئے ہیں اور میں سمجھتی ہوں کہ جب Sixty plus ہو جاتا ہے تو وہ پھر باہر کے ملکوں میں بہت سنجیدہ ایک سیاستدان سمجھا جاتا ہے اور سنجیدہ پارلیمنٹرین سمجھا جاتا ہے۔ اگر عمران خان صاحب کو چار حلقوں کے ساتھ جیسے کہ اپوزیشن لیڈر صاحب نے بھی بات کی ہے، اگر چار حلقوں کے ساتھ اس اسمبلی کو نتھی کرنا ہے تو جناب سپیکر صاحب! یہ ہمارے ساتھ کوئی ظلم نہیں ہو گا، یہ ان خیبر پختونخوا کے کروڑوں عوام کے ساتھ، ان کے ساتھ بدنیتی ہو گی، انکے ساتھ غیر جمہوری عمل ہو گا، انکے مینڈیٹ کی توہین ہو گی اور مینڈیٹ کو یوں سمجھ لیں کہ قدموں پر ٹھوکر ماری جائیگی کہ اگر اس قسم کی کوئی بھی بات ہوتی ہے اور یہ بار بار دھمکی آ چکی ہے جناب سپیکر صاحب، میں نے اس دن بھی Off the record سی ایم صاحب سے بات کی تھی کہ سی ایم صاحب! آپ چیئرمین صاحب سے یہ اپنی بات کریں کہ ایسے بیانات سے ملک میں ایک انارکی پھیلنے کی بات ہو رہی ہے اور آپ پلیز، ماشاءاللہ ہمارے سی ایم صاحب جو ہیں، وہ پچھلے تیس سال سے یہاں پہ اس صوبے کیلئے خدمت بھی کر رہے ہیں، اس صوبے کے پارلیمنٹرین بھی ہیں اور میں چاہتی ہوں کہ کم از کم عمران خان صاحب کو ہمارے سی ایم صاحب سے کچھ سیکھ لینا چاہیئے کیونکہ اگر آپ لوگ نئے ہیں تو ہمارے سی ایم صاحب تو (تالیاں) یہاں پہ بہت یعنی مطلب تیس سال سے جو انکی خدمات

ہیں پالیٹیکس میں اور میں بھی یہ سمجھتی ہوں کہ میں نے بھی ان سالوں میں سی ایم صاحب سے، ظاہر ہے میرے استاد رہ چکے ہیں، میں نے ان سے الف زبر آ، ب زبر با، میں نے سیاست کی جو الف زبر آ، ب زبر با ان سے تھوڑا بہت سیکھا ہے تو اسی وجہ سے یہ Maturity جو ہے، یہ سیاست میں ہے تو میں اس تمام ہاؤس کی طرف سے کیونکہ یہ تیسری بار ہو گئی ہے اور سی ایم صاحب کا تو ہم بہت لحاظ کرتے ہیں، آپ کی کرسی کا ہم بہت احترام کرتے ہیں ورنہ پھر تحریک استحقاق میری عمران صاحب کیلئے، یہ تیسری بار ہے، دو دفعہ پہلے میں جمع کرا چکی ہوں، تیسری بار بھی پھر تحریک استحقاق مجھے جمع کرانا پڑے گی کیونکہ سر، یہ غیر سنجیدگی کا معاملہ نہیں ہے۔ یہاں پہ ہم نے اس صوبے کے لوگوں کیلئے کام کرنا ہے اور آپ مہربانی کریں کہ عمران خان صاحب تھوڑی سی Maturity دکھائیں۔ Sixty plus کے بعد انسان بہت Mature ہو جاتا ہے، پالیٹیکس میں بھی، ذاتی زندگی میں بھی، کاروبار میں بھی، تو میرا خیال ہے کہ اب انکو Maturity دکھانی چاہیئے۔ چار حلقے جو ہیں، بے شک آپ نیشنل اسمبلی سے جہاں پر آپ کو یہ گلہ ہے، وہاں سے آپ Resign کریں۔ پنجاب میں آپ کی پارٹی ہے وہاں سے Resign کریں لیکن جس کے پی کے کے لوگوں نے آپ پر اعتماد کیا ہے، انکے مسائل حل کریں، تبدیلی لائیں تاکہ کل کو لوگ آپ کو، چیف منسٹر تو بیٹھے ہوئے ہیں، تاکہ کل آپکو وزیراعظم بنایا جا سکے۔ اگر آپ سب کچھ وزیراعظم کیلئے کر رہے ہیں تو جناب سپیکر صاحب! اسمبلی توڑنے کے بعد آپ وزیراعظم تو کیا ایک سیٹ اگر آپ جیت گئے تو آپ مجھے بتادیں۔ تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> نلوٹھا صاحب۔

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا:</u> شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، اس ملک کی بڑی بدقسمتی یہ رہی ہے کہ جب بھی جمہوریت کو کوئی خطرہ پہنچا تو سیاستدانوں کے غیر ذمہ دارانہ رویئے کی وجہ سے پہنچا اور کسی ڈکٹیٹر نے آکر قبضہ کر لیا تو پھر سب سیاستدان اکٹھے ہو جاتے ہیں۔ کبھی آئی جے آئی بنتی ہے، کبھی پی ڈی ایم بنتا ہے، کبھی کیا اتحاد بنتا ہے اور پھر دس پندرہ سال اس کی جدوجہد میں گزر جاتے ہیں تو آج یہ جو تحریک انصاف کے چیئرمین صاحب نے جو بیان دیا ہے جناب سپیکر صاحب! یہ تیسری دفعہ ہو گئی ہے کہ انہوں نے

اسمبلی توڑنے کی Threat دی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ تمام اسمبلی کے جتنے ممبران ہیں، انکا استحقاق مجروح ہوا ہے جناب سپیکر صاحب! اور یہ کوئی غیر ذمہ دارانہ بیان دے کر انہوں نے کوئی جمہوریت کی خدمت نہیں کی ہے بلکہ جمہوریت کو نقصان پہنچانے کی ایک کڑھی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اگر انہیں کوئی الیکشن کمیشن کے اوپر اعتراض ہے تو یقیناً وہ اس کیلئے احتجاج کریں اور مرکزی حکومت نے اس کیلئے ایک ریفارمز کمیٹی بھی تشکیل دے دی ہے۔ سپریم کورٹ میں جائیں، اس میں احتجاج کے طریقے ہیں اور وہ بالکل میں اس بات کی تائید کرتا ہوں نگہت اور کزئی صاحبہ کی، مرکز کے وہ ممبر ہیں، وہ وہاں پہ استعفیٰ دے دیں احتجاجاً، یا پنجاب سے استعفیٰ مانگ لیں لیکن خیبر پختونخوا کو بار بار ٹارگٹ کرنا کہ میں اسمبلی تڑوادونگا تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ تو جمہوریت کو پٹڑی سے اتارنے کی طرف ایک قدم اٹھایا جارہا ہے جو بالکل اس صوبے کے عوام کے ساتھ بہت بڑی زیادتی ہوگی، ہم اسکی مذمت کرتے ہیں جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: عاطف خان، عاطف خان۔

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): شوکت وائی چې زه به ئے جواب ورکړم۔

جناب سپیکر: جی جی۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ جناب سپیکر! جو ایشو اس وقت اسمبلی کے اندر اٹھایا گیا ہے، میں سمجھتا ہوں کہ عمران خان اس پارٹی کے چیئرمین ہیں جس نے اٹھارہ سال مسلسل جمہوریت کیلئے جدوجہد کی ہے اور میرے خیال سے واحد لیڈر ہیں جو ہمیشہ ادارے بنانے کی بات کرتے ہیں، ادارے توڑنے کی بات نہیں کرتے۔ یہ جو بیان دیا گیا ہے، اس Context میں کہ دیکھیں، یہ اسمبلیاں اس لئے بنتی ہیں کہ عوام کی نمائندگی ہوتی ہے اور عوام کے مفاد عامہ کیلئے ہوتی ہیں کہ عوام کو اس سے فائدہ ہو، وہ ایک کوئسچن ہوا تھا ان سے اور انہوں نے یہ کہا تھا کہ جہاں اگر عوام کا فائدہ جس اسمبلی میں نہ ہو تو ہم یہ اسمبلی ہماری لئے مجبوری نہیں ہو سکتی ہے، نہ اس چیز سے ہمیں روکا جا سکتا ہے، تو یہ اس Context میں نہیں ہے کہ وہ اسمبلی توڑنا چاہتے ہیں۔ (تالیاں اور شور) ہم بھاگنے والے نہیں ہیں، مہربانی کرکے اب سنیں۔ (شور) ہمیں (شور اور قطع کلامیاں) آپ بیٹھیں نا، بات سنیں۔

(شور)

جناب سپیکر: عاطف خان، عاطف خان۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: دیکھیں ایک چیف جسٹس کا ایشو آیا، چیف جسٹس کے ایشو میں (شور اور قطع کلامی) چیف جسٹس کے ایشو میں تحریک انصاف نے بھرپور ساتھ دیا، ہر جمہوری Struggle میں تحریک انصاف نے ساتھ دیا ہے اور آج بھی ان شاء اللہ تعالیٰ اس اسمبلی میں عوام نے اکثریت دی ہے (شور) اس صوبے کے عوام نے ہمیں منتخب کیا ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: عاطف خان۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: ہم اس صوبے کی بات کرتے ہیں اور اس وفاق (شور اور قطع کلامی) اگر آپ بات سنیں، مہربانی کریں۔

(شور اور قطع کلامی)

جناب سپیکر: شوکت صاحب! عاطف بات کرلیں، (شور اور قطع کلامی) عاطف! آپ بات کرلیں۔

وزیر برائے ابتدائی و ثانوی تعلیم: شوکت! کښېنه ،شوکت! کښېنه شوکت۔ شوکت! کښېنه۔ (تالیاں) چې د ے کښېنې کنه۔

جناب سپیکر: شوکت صاحب! یہ عاطف بات کرلے۔ (شور) عاطف آپ کو جواب دے گا۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: یہ عاطف بات کرلے اسکے بعد۔

(شور)

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: شوکت! کښېنه ، شوکت! کښېنه۔

جناب سپیکر: نہیں، آپ بات کر سکتے ہیں۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: کیا میں اپنا موقف بیان نہیں کر سکتا اس اسمبلی میں؟

(شور)

جناب سپیکر: انکی بات سنیں۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: As Member of the Assembly میں کیا بات نہیں کر سکتا اس اسمبلی میں؟ آپ کو کیا تکلیف ہے۔ (تالیاں) کښینه په قلاره، شکل د ورک شه، کښینه په قلاره۔ As the Assembly Member میں بات کر سکتا ہوں، کوئی مجھے نہیں روک سکتا۔۔۔۔

جناب سپیکر: اچھا شوکت، شوکت۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: کوئی مجھے نہیں روک سکتا، آپ کس جمہوریت کی بات کر رہے ہیں، آپ چار حلقے نہیں کھول سکتے۔۔۔۔

جناب سپیکر: سی ایم صاحب، سی ایم صاحب۔ شوکت، شوکت، پلیز، پلیز۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: نہیں کس جمہوریت کی بات کرتے ہیں جناب سپیکر؟۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، خیر ٹھیک ہے، آپ بات کر لیں جی۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: میں بات کرنے کا حق رکھتا ہوں اس اسمبلی میں۔

جناب سپیکر: اچھا، بالکل آپ کا حق ہے، آپ کا حق ہے۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: آپ کو بات سننا پڑے گی، آپ اپنی بات کر کے شور مچانا شروع کر دیتے ہیں۔ اپنے اندر ہمت ڈالیں، بات سنیں۔ (تالیاں) اپنے اندر حوصلہ پیدا کریں۔ (تالیاں) آپ کی جمہوریت ہم نے دیکھ لی ہے، آپ پانچ سال لوٹ مار کرتے رہے اس مرکز میں، آپ کس جمہوریت کی بات کر رہے ہیں؟

(شور)

جناب سپیکر: شوکت! حوصلے سے، حوصلے سے، حوصلے سے۔

جناب شوکت علی یوسفزئی: ہر اسمبلی میں آپ کی پارٹی بدلی ہوتی ہے۔ (شور اور قطع کلامی) ہر پانچ سال آپ اسمبلی میں، ہر پانچ سال بعد آپ پارٹی بدلتی ہیں، آپ کس جمہوریت کی بات کر رہی ہیں؟

(شور)

جناب سپیکر: شوکت، شوکت، آپ بیٹھ جائیں جی، آپ بیٹھ جائیں، آپ بیٹھ جائیں پلیز۔ عاطف خان، پلیز، عاطف خان، عاطف خان، پلیز، پلیز۔ میں آپکو موقع دیتا ہوں پھر، میں آپ کو موقع دیتا ہوں۔ عاطف!

(شور اور قطع کلامیاں) عاطف! آپ بات کر لیں جی، آپ بات کر لیں۔ بیٹھ جائیں۔ جی عاطف۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔! شکریہ سپیکر صاحب۔ پہلے تو میری یہ ریکویسٹ ہو گی، پہلے تو میری یہ ریکویسٹ ہو گی کہ جو بھی ممبر اپنی رائے کا اظہار کرتا ہے تو ہمیں مطلب، کم از کم اسکو چاہیئے، ہم تسلیم کریں یا نہ کریں لیکن اسکی بات کو سننا ضرور چاہیئے اور موقع ضرور دینا چاہیئے کہ اسکو سن لیں۔

جناب سپیکر: بالکل میں عاطف کی بات کو Endorse کرتا ہوں، ہر ایک کو حق ہے کہ وہ اپنی بات کرے، بے شک جو بھی اختلاف کرے لیکن یہ طریقہ نہیں ہے۔ شوکت کو بھی اپنی بات Complete کرنی چاہیئے، اگر آپ چاہتے کہ گورنمنٹ کا کوئی منسٹر بات کرے تو وہ بھی بات کریگا لیکن اصولاً طریقہ یہ ہے کہ ہر ایک کو حق ہے کہ یہاں اپنی بات کرے۔ جی۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: جی۔ یہ ایک کل آپ لوگوں نے میرے خیال میں شاید کسی نے اخبار پڑھا ہو تو اس میں وہ Statement اور طرح کی آئی ہے اور اگر کسی نے پروگرام دیکھا ہو، ٹوٹل اس میں تھوڑا سا، بات وہی ہوتی ہے لیکن جس انداز میں کی جاتی ہے، اس میں تھوڑا سا فرق ہوتا ہے۔ وہ کل ایک پروگرام تھا ٹی وی میں، اس پہ بار بار اس سے پوچھا گیا کہ جی اگر یہ بھی نہیں ہوتا تو آپ کیا کرینگے، اگر یہ نہیں ہوتا، تو آپ کیا کرینگے؟ مطلب وہ مختلف ان سے پوچھا جا رہا تھا۔ جس طرح آپ لوگ یہاں پہ بیٹھے ہوتے ہیں، اگر آپ کہتے ہیں جی، آپ کے ساتھ کوئی بیٹھ کے بات کر لیتا ہے تو آپ مطمئن ہو جاتے ہیں۔ اگر آپ کو کوئی کہے، نہیں جی ہم بات ہی نہیں مانتے تو مجبوراً آپ بھی انسان ہیں اور اس میں آ کے آپ کہتے ہیں، غصے میں آ کے یا جذبات میں آ کے آپ یہ بھی کہتے ہیں کہ ٹھیک ہے ہم واک آؤٹ کر جائینگے، تو یہ اس Sense میں نہیں کہا تھا، انہوں نے یہ کہا تھا کہ جی اگر ہم اپنے پورے وہ استعمال کرینگے جو حلقوں کے کھولنے کا ہے، جو باقی صوبائی اسمبلی سے استعفیٰ دینے کا ہے تو ایک Extreme اس میں انہوں نے کہا تھا، بہر حال ہم بھی ان سے بات کر لیں گے ان شاء اللہ تعالیٰ، اللہ کرے کہ ایسا موقع نہ آئے، (تالیاں اور شور) آپ بات سن

لیں۔ اچھا اس کے بعد میں آپ کو دوسری بھی Surety دیتا ہوں، گارنٹی دیتا ہوں کہ ان شاءاللہ تعالیٰ، ان شاءاللہ ہماری پارٹی کا، ہمارے جتنے بھی یہاں ممبران ہیں، ہماری گورنمنٹ ہے، کولیشن پارٹنر رہیں، ان شاء اللہ تعالیٰ جمہوریت کے ساتھ، جمہوریت کے ساتھ جو بھی ہو، ہم یہ مانتے ہیں کہ اگر بدترین جمہوریت بھی ہو تو وہ ایک اچھی ڈکٹیٹر شپ سے بہتر ہوتی ہے، ہم ان شاءاللہ تعالیٰ اس کے ساتھ کھڑے رہینگے۔ (تالیاں) اس میں کوئی دورائے نہیں ہو سکتیں کہ ہم خدانخواستہ اس طرح کا کچھ کرینگے جس سے جمہوریت کو نقصان پہنچے گا اور ہم بالکل جمہوریت کے ساتھ آخری وقت تک کھڑے ہونگے، یہ گورنمنٹ کی طرف سے اور پارٹی کی طرف سے ایک کمٹمنٹ ہے ان شاءاللہ۔ (تالیاں) تھینک یو۔

## ضمنی بجٹ کے مطالبات زیر بحث اور رائے شماری

جناب سپیکر: اچھا ایجنڈے پر، ڈیمانڈ نمبر 14: آنریبل سپیشل اسسٹنٹ فار سی اینڈ ڈبلیو۔

Mr. Akbar Ayub Khan (Special Assistant for C&W): Thank you Mr. Speaker, I wish to move a motion that a sum not exceeding rupees 70 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Establishment Charges for Communication & Works Department.

Mr. Speaker: The Demand moved that a sum not exceeding rupees 70 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Establishment Charges for Communication & Works Department.

Cut Motions: Azam Khan Durrani. Raja Faisal Zaman.

Raja Faisal Zaman: Sir, withdrawn.

Mr. Speaker: Sardar Aurangzeb Nalotha, not present, it lapses. Sardar Hussain Babak, not present, it lapses. Mr. Saleem Khan, not present, it lapses. Sardar Zahoor, not present, it lapses. Madam Sobia Shahid.

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر، میں اپنی کٹ موشن واپس لیتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced-----

محترمہ ثوبیہ شاہد: واپس لیتی ہوں سر۔

Mr. Speaker: Withdrawn. Mr. Abdul Sattar Khan, not present, it lapses. Mr. Muhammad Reshad, not present, it lapses. Madam Meraj Hamayun.

Ms. Meraj Hamayun Khan: I withdraw my cut motion.

Mr. Speaker: Mr. Mehmood Ahmad Khan.

جناب محمود احمد خان: دس روپو کټوتی تحریک پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten only. Mr. Muhammad Asmatullah, not present, it lapses. Mufti Said Janan.

مفتی سید جانان: زه جی د ساټھ روپو د کټوتئ تحریک پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees sixty only. Mr. Muhammad Sheeraz.

جناب محمد شیراز: میں ڈیمانڈ نمبر 14 پر ساٹھ روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees sixty only. Mian Zia-ur-Rehman. Not present, it lapses. Noor Salim Khan Sahib.

جناب نور سلیم ملک: میں اپنی کٹوتی کی تحریک واپس لیتا ہوں جی۔

Mr. Speaker: Mr. Noor Salim Malik. Mr. Wali Muhammad.

جناب ولی محمد: جناب سپیکر، میں واپس لے رہا ہوں۔

Mr. Speaker: Mr. Mehmood Khan.

جناب محمود احمد خان: مهربانی سپیکر صاحب۔ډیمانډ نمبر 14باندې ما د دس روپو کټوتی تحریک پیش کړے دے، نور ایډوائزر صاحب ډیر ښه سړے دے، زمونږ څه مسئله نشته ورسره خو یو ریکویسټ ورته کوؤ چې سی ایم صاحب چالیس لاکھ روپو یو پل ما د پاره راکړے وو، ټانک کښې یو پل پریوتے وو، د هغې ټینډر وشو، تراوسه پورې یو دوه میاشتې وشوې، که دوئ دا مهربانی وکړی چې تراوسه پورې د هغې Approval ایس ای صاحب۔۔۔۔

جناب سپیکر: اردو میں بات کرلیں تاکہ ان کو۔۔۔۔۔

جناب محمود احمد خان: اچھا اردو میں۔ سی ایم صاحب نے چالیس لاکھ روپے کی ایک پل کیلئے رقم دی تھی۔ سر، اس کا ٹینڈر ہو گیا لیکن پھر بھی ایک مہینہ ڈیڑھ ہو گیا جو Approval کیلئے ایس ای صاحب کے پاس گیا ہے

کیونکہ ادھر لوگوں کو بہت تکلیف ہے، تقریباً چار پانچ مہینے ہو گئے ہیں، Amount بھی آئی ہوئی ہے، ابھی ٹینڈر بھی ہو گیا لیکن Approval نہیں دیتے، ورک آرڈر ایشو نہیں کر رہے ہیں، دو یونین کونسلوں کا راستہ ہے سر، وہ پل بالکل گرا ہوا ہے، اگر ایشورنس کرا دیں کہ جلد از جلد یہ کر کے ان شاءاللہ پھر کٹ موشن پر بات ہو سکتی ہے، سر۔

جناب سپیکر: جی جی، آپ۔

جناب اکبر ایوب خان (معاون خصوصی برائے مواصلات و تعمیرات): جناب سپیکر، میری انفارمیشن کے مطابق ادھر ڈی ڈی ڈبلیو پی میں ہمارے پاس کچھ بھی نہیں ہے، ہر چیز کی Approval ہو کر چلی گئی ہے، So we make sure کہ جلد سے جلد آپ کا کام ان شاءاللہ شروع ہو جائیگا۔

جناب سپیکر: جی مفتی سید جانان۔

مفتی سید جانان: زه جی د سی اینډ ډبلیو سیکرټری صاحب زمونږ د ضلعې دے، ښه سړے دے، زه د هغه د پاره دا Withdraw کوم۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: محمد شیراز خان۔

جناب محمد شیراز: میں اپنی کٹوتی کی تحریک واپس لیتا ہوں۔

جناب سپیکر: اوکے۔ ثوبیہ شاہد، واپس اخستے وو؟

محترمہ ثوبیہ شاہد: سر، ما خپل واپس اخستے دے۔

جناب سپیکر: یس یس۔ زما خیال دے،

Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 14, therefore, the question before the House is that the Demand No. 14 may be granted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 15: Honourable Minister for Public Health Engineering, Shah Farman.

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئر نگ): میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 30 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کو ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران پبلک ہیلتھ انجینئر نگ کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved that a sum not exceeding rupees 30 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Public Health Engineering.

Cut Motions: Mr. Khalid Khan. Not present, it lapses. Raja Faisal Zaman. Not present, it lapses. Sardar Hussain Babak. Not present, it lapses. Sardar Zahoor. Not present, it lapses. Sobia Shahid.

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر صاحب، بیس روپے کی کٹ موشن پیش کرتی ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees twenty only. Muhammad Reshad. Not present, it lapses. Madam Meraj Hamayun.

Ms. Meraj Hamayun Khan: I beg to move a cut motion of twenty rupees, Sir.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees twenty only. Mr. Mehmood Ahmad Bittani.

جناب محمود احمد خان: پانچ روپو کټ موشن تحریک پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five only. Mufti Said Janan.

مفتی سید جانان: جی د شلو روپو کټوتی تحریک پیش کوم۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees twenty only. Mr. Muhammad Sheeraz Khan.

جناب محمد شیراز: میں ڈیمانڈ نمبر 15 پر بیس روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees twenty only. Mian Zia-ur-Rehman.

میاں ضیاءالرحمان: جی بیس روپے کی کٹوتی کی تحریک پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees twenty only. Mr. Noor Salim Malik.

Mr. Noor Salim Malik: Thank you, Mr. Speaker. I would like to move a cut motion of five rupees on Demand No. 15. Thank you.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees five only. Mr. Wali Muhammad.

نوابزادہ ولی محمد خان: میں دس روپے کی کٹ موشن پیش کرتا ہوں۔

Mr. Speaker: The motion before the House is that the total grant may be reduced by rupees ten only. Sobia Shahid.

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر صاحب، د اوبو دا مسئله چې کومه ده، دا د ښځو سره Related ده او زمونږ په دير کښې، په ګلیات کښې، په کرک کښې، په هر ځائې کښې چې دی نو هم ښځې دا اوبه راوړی په مټکو باندې او په هغې باندې، نو مونږ شاه فرمان صاحب ته، منسټر صاحب ته دا ریکویسټ کوؤ چې دا ځومره هم دی، دې باندې زیاته توجه ورکړی او په کوم کوم ځائې کښې چې اوبه نشته، خاصکر زمونږ دير چې دے ډير پسمانده دےاو د ډير لرې لرې نه خلق په هغې کښې اوبه کور ته راوړی، چې سحر پاځی نو دا سوچ کوی چې ځومره اوبه به راوړو، څه به پرې پخوؤ، څنګه به ئے استعمالوؤ، هغه ټوله ورځ د هغوی د اوبو په مسئلو کښې تيره شی نو که په دې وجه باندې مونږ ته دا Surety راشی چې دا ځومره د اوبو، کم از کم کورونو ته د اوبو د رسيدلو ښه پلاننګ اوشی او دا په ښه طریقې سره دا فنډز ټولو ښځو ته ورکړے شی او اورسوی نو ډیره مهربانی به وی۔ منسټر صاحب خو وامو نوریدل نو خیر دے نو۔۔۔۔

جناب سپیکر: آج ایک اعلان میں کرتا ہوں۔ چیف ایگزیکٹیو کو آج ہم نے بلایا تھا اس نے ریکویسٹ یہ کی کہ چونکہ ہماری کل لوڈشیڈنگ کے بارے پوری میٹنگ ہے جس میں ہم پوری پلاننگ کرینگے تاکہ میں وہاں سے کوئی Feedback لیکر آپ کے ساتھ وہ کروں، تو ایک دو دن کیلئے ہم نے اس کو Delay کیا ہے۔ ثوبیہ شاہد، ٹھیک ہے وہ میں چیک کرونگا۔ معراج ہمایون۔

محترمہ معراج ہمایون خان: تهینک یو، سر۔ دا دغه ما څکه پیش کړے وو چې زما خو Genuine او ښه ریکویسټ مو وو او بار بار مې کړے وو، زما په علاقه کښې ټیوب ویل چې وونو هغه جوړ شو، هغه کار نه کولو او اپوائنټمنټ یو ډیر سیریس Legitimate appointment وو، هغه ټول کال او ما سره به وعده وشوه بیا به ئے

فنډ تقسیم کړو۔ شاه فرمان صاحب انصاف پسند دے ،ما ته پته ده ډیر محنتی دے او ډیر خوش اخلاقه هم دے او Friendly attitude ئے دے خو خبر نه یم چې څه وو، Something was blocking his decisions۔ دلته به Decision وشی او هغه به هلته کښې صوابئ ته لاړل نو هغه Decisions به نه کیدل نو هغه که ما نه اوس د کنډل خلقو بار بار، هغه مسیجز ما دوئ له ورکړی وو، هغوی باندې سم قیامت وو، سمه کربلا وه او زنانه چې وې نو بیا هغه لرې لرې ته به تللې او اوبه به ئے راوړلې او هغوی ته پینځه شپږ ورځې اوبه نه وې ملاؤ شوې، Drinking water نه وې نو خبر نه یم هغه ما شاه فرمان صاحب ته ډائریکټ هغه مسیجز چې به ما ته راغلل نو ما به مخې ته Forward کړل خو هغې باندې اوسه پورې هغه شان حال دے نو چې دا ولې دا کارکردګئ دا شان Unsatisfactory وه؟ نو زه به دا موشن واپس نه اخلم جی، په دې باندې به ووټنګ کول غواړی، شاه فرمان به مونږ له ایشورنس راکوی چې بیا به دا، ده خپل پارلیمانی سیکرټری له فنډ ورکړو، یو کروړ سیوا ئے ورکړو، ما ته ملاؤ نه شو، هغه به راله راکوی، هغه کروړ به راله راکوی، دا ځل په دې دغه کښې او زمونږ دا ټیوب ویلز چې ټول دی او دغه شان هر ځائې کښې دی، د زنانؤ دا تکلیف به دوئ لرې کوی چې دغه کوی۔

جناب سپیکر: محمود احمد بیټنی۔

جناب محمود احمد خان: مهربانی سپیکر صاحب۔ دا ډیمانډ نمبر 15 باندې ما د پانچ روپو کټوتی پیش کړې ده، شاه فرمان صاحب ته اول سپیچ کښې مونږ دا ریکویسټ کړے وو چې زما په ضلع کښې د اوبو ډیره زیاته مسئله ده او په ټانک کښې خاصکر د اوبو داسې ډیرې یونین کونسلې دی چې هغې کښې د اوبو حال وګورئ نو ډیر زیات تکلیف دے۔ اوس شاه صاحب یو کروړ روپو مهربانی ئے کړې وه، اعلان ئے کړے وو، هغه مونږ ته رااورسیدې، اوس چې دا کوم 15-14 دے نو په دیکښې بیا هم پاورز ټول ده سره دی کنه، چې ده کوم اعلان خو بیا هم دے که وی، زما ضلع د دوئ چیک کړی خپل ریکارډ باندې، خپل سیکرټری نه د پته وکړی، چیف انجینئر نه، د اوبو ډیر زیات پرابلم دے پکښې۔ خاصکر د

ځښنکلو اوبه او دا د انسان ضرورت دے۔ سپیکر صاحب! که منسټر صاحب څه ایشورنس راکړی نو بیا د هغې نه بعد به خپل کټ موشن باندې مونږ سوچ کوؤ۔

جناب سپیکر: مفتی سید جانان صاحب۔

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، وزیر باتدبیر تشریف فرما دے، زه ډیرې خبرې کول نه غواړم خو جناب سپیکر صاحب، د دغې حکومت خو لږ وخت وشو خو تیرو حکومتونو نه د دغې محکمې چې کوم صورتحال دے جناب سپیکر صاحب، دا ډیر نهایت مایوس کن صورتحال دے، زه به د نورو حلقو نه وایم، زه به د خپلې حلقې یو دوه وړې وړې مسئلې ستاسو مخکښې کیږدم۔ ایم ایم اے دور حکومت کښې جناب سپیکر صاحب! دلن یونین کونسل چې دا هغه یونین کونسل دے چې دغې صوبې ته بهترین پټرول او ګیس ورکوی، هغې کښې یو سکیم جوړ کړے شو، تقریباً تقریباً هغې وخت کروړونو روپۍ وربانديې ولګیدلې خو جناب سپیکر صاحب! د دغې محکمې د غفلت د وجې نه یو بنده، کس ته هغه اوبه او نه رسیدې، یو بنده هغه اوبه اونه ځښکلې، دومره ناقصه منصوبه بندی وه۔ هم دغه شان جناب سپیکر صاحب! زه وایم چې ستاسو د ټولو حلقو کښې به ټیوب ویلې کنستلې شوی وی، پینځه پینځه کاله څلور څلور کالونه ئے وشو، هغه مطلب دا دے د بجلئ د وجې نه وړو وړو مسئلو د وجې نه هغه ناکاره پراته دی او هم دغه شان جناب سپیکر صاحب! ډیر سکیمونه به داسې وی چې هغه به د کروړونو د اربونو روپو سکیمونه وی خو هغه به صرف په دوه لاکھ څلور لاکھ او شپږ لاکھ روپۍ باندې ټهیک کیږی، دوباره به بحال کیږی خو دغه محکمه ورکښې دلچسپی نه اخلی نو زه دغه خبرو سره چې دا کومې خبرې مو وکړلې، ماته یقین دے منسټر صاحب خو منی نه خو زه بیا هم خپل کټ موشن واپس اخلم او منسټر صاحب ته دا ګزارش کوم چې د ستا رعایا کښې اوس هم داسې ځایونه شته دی چې هلته زمونږ او ستاسو خویندې او میندې په سرونو باندې اوبه، منګی ایږدی او ډیر د لرې ځائې نه ئے راوړی نو د هغه خلقو مطلب دا دے یو نظر کرم هغوی طرف ته وکړه۔ دې خبرو سره زه دا خپل کټ موشن واپس اخلم۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: محمد شیراز خان۔

جناب محمد شیراز: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ شکریه جناب سپیکر۔ ما پبلک هیلتھ باندې د بیس روپو کټ موشن پیش کړے دے، د دې Main مقصد دا دے چې دې محکمه کښې یا په دیکښې چې کومې خامۍ وی چې هغه مونږ مخې ته لکه راولو۔ پبلک هیلتھ یو داسې محکمه ده، شاه فرمان ټھیک ده زمونږ ورور دے او کومه خبره کوی، هغه خپل د خبرې پاس ساتی خو هغه د پاره هم دا غټ پرابلم دے چې دیکښې چې کوم کمے دے، کوم نقصانات دی نو هغه د دې ازاله نشته۔ ما ورته ذاتی طور باندې هم خبره کړې ده خو زه دا خبره په ریکارډ باندې راوستل غواړم چې پبلک هیلتھ یو سکیم شروع کړی نو په هغې باندې کالونه ولګی حالانکه زما په خپل خیال باندې زیات نه زیات درې میاشتې یا زیات نه زیات شپږ میاشتو کښې یو سکیم مکمل کیدل پکار دی خو د دوئ سلسله داسې دغه شی چې یو ممبر پهلا سال باندې راشی، هغه خپل Tenure پوره کړی لاړ شی خو د دوئ هغه سکیم نه چالو کیږی۔ حالانکه زیات نه زیات په شپږ میاشتې کښې پکار دے چې هغه سکیم چالو شی او خلقو ته د هغې ثمرات او رسی خو دیکښې چې کوم نقصان دے، کوم تاوان دے، دغه نقصان دے چې دوئ هغه خپل بور وکړی دغه وکړی خو بیا کله د هغې سکیم چالو کولو د پاره کوم خلق لکه پکار وی نو هغه آپریټر دے، که چوکیدار دے نو په هغې کښې هم ګورې، دوئ یو یو کال دوه دوه کاله پکښې لکه ولګوی، نو زه شاه فرمان صاحب نه لکه دا یقین دهانی غواړم چې هغه دا کوم نقصان دے کوم دغه دے چې هغه د ماله دا یقین دهانی راکړی او مونږ له د باقاعده ټائم فریم راکړی، مثال په طور د پنجاب صوبې دغه به واخلو چې په ګیاره میاشتو کښې یو میټرو بس سسټم د بیس پچیس کلومیټرو جوړیږی او هغه ګیاره میاشتې کښې برابریږی او زمونږ یو ټیوب ویل چې کوم دے نو هغه په دوه کاله او څلور کاله کښې نه تیاریږی، چې ماله دا یقین دهانی راکړی نو زه په هغې باندې خپل کټ موشن واپس اخلم۔

جناب سپیکر: آج اجلاس میں ہمارے گزشتہ 2002 کے اپوزیشن لیڈر، شہزادہ گستاسپ صاحب تشریف لائے ہیں، گیلری میں بیٹھے ہیں، میں ان کو خوش آمدید کہتا ہوں۔

(تالیاں)

Mr. Speaker: Mian Zia-ur-Rehman, not present, it lapses. Mr. Noor Salim Malik.

جناب نور سلیم ملک: شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر، آپ کے توسط سے، منسٹر صاحب ہر وقت مسکراتے نظر آتے ہیں کیونکہ ان کے پاس پانی کی فراوانی ہے اور یہ پانی سے لگتا ہے منہ بھی دھوتے رہتے ہونگے، ہمارے ہاں پینے کیلئے پانی جو ہے، وہ بھی Available نہیں ہے۔ جناب سپیکر، مجھے مختلف اوقات میں میسجز آتے رہتے ہیں اور ہمارے ضلع کا نام بھی اتفاق سے لکی مروت ہے تو ابھی سی ایم صاحب بھی پوچھ رہے تھے کہ یہ وہ والا 'لکی' ہے جو انگریزی میں ہوتا ہے یا یہ دوسرا والا 'لکی' ہے؟ میں نے کہا اس کا مجھے بھی معلوم نہیں ہے کہ یہ انگریزی والا ہے یا جو پشتو میں کہتے ہیں، وہ والا ہے۔ بہرحال بدقسمتی ایسی ہے کہ شاہ فرمان صاحب ماشاءاللہ وزیر ہیں ہمارے پبلک ہیلتھ کے، پینے کو پانی نہیں ہے، جناب سپیکر! 84 ٹیوب ویلز ہیں، واٹر سکیمز ہیں میرے حلقے میں جن میں سے 62 واٹر سکیمز جو ہیں، وہ خراب ہیں اور Unfortunately کئی دفعہ میں نے اس کا ذکر کیا بھی ہے۔ محکمہ کہتا ہے ہمارے پاس پیسے نہیں ہیں ایم اینڈ آر میں، حیرانی کی بات یہ ہے کہ لوگ پانی پینے کیلئے کہاں جائیں؟ وہاں تو نہ نہر ہے، نہ دریا ہے، نہ کوئی Pond ہے، نہ کوئی جھیل ہے تو پینے کے پانی کیلئے ان کا دارومدار تمام جو ہے، وہ انہی ٹیوب ویلز پر ہے اور جناب سپیکر! اب حالت اس حد تک پہنچ چکی ہے کہ کل ڈپٹی کمشنر کے پاس میٹنگ تھی اور جو آئی ڈی پیز کا Flow، نارتھ اور ساؤتھ وزیرستان سے جو آئی ڈی پیز کا Flow لکی مروت کی طرف آیا ہے، اس کی وجہ سے حالات اور بھی تکلیف دہ ہو گئے ہیں اور پہلے ہی آبادی کو پینے کا پانی میسر نہیں تھا، تو میں یہ چاہونگا کہ یہاں پر چار ارب سے زیادہ کا بجٹ جو فنانشل ایئر کا ہے، وہ پبلک ہیلتھ کیلئے رکھا گیا ہے اور اس میں یہ امید کرونگا کہ شاہ فرمان صاحب اپنی خصوصی شفقت ہمارے حلقے کے لوگوں کے اوپر بھی رکھیں گے اور پچھلے سال بھی بقول انکے جو کمیاں رہ گئی تھیں تو شاید اس سال ان کو پورا کیا جائے۔ ایک اور بات کی میں ان سے درخواست کرونگا جناب سپیکر! آپ کے توسط سے کہ یہ اپنے محکمے کو ہدایت جاری کر دیں کہ ہمارے حلقے میں جو ٹیوب ویلز واٹر سپلائی سکیمز ہیں جو کہ خراب ہیں اور معمولی معمولی چیزوں کی وجہ سے خراب ہیں، ان کے بنانے کا بندوبست کیا جائے اور جناب سپیکر! ایک اور بات کی بھی نشاندہی یہاں کرنا چاہونگا کہ جو اقلیتی ممبران ہیں، ان تمام کو برابر کا حق دیا جائے اور اس میں

تفریق نہ کی جائے جناب سپیکر! کیونکہ ان کے لوگ بھی پانی کیلئے ترس رہے ہیں اور ان کا بھی اسی طریقے سے حق رکھا جائے جس طریقے سے دوسرے لوگوں کا ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ۔

جناب نور سلیم ملک: میں جناب سپیکر! اپنے منسٹر صاحب ہنس رہے ہیں، مسکرا رہے ہیں اور ایسے ہی مجھے نظر آئے ہیں، اس کیلئے اپنی کٹ موشن واپس لیتا ہوں۔ شکریہ جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: ولی محمد صاحب۔

نوابزادہ ولی محمد خان: ډیره مهربانی سپیکر صاحب۔ زما یو ډیر ترقیافته ضلع سره تعلق دے، ضلع بټګرام سره او زما شاه فرمان صاحب ته دا ریکویسټ دے چې زما په علاقه کښې وسکوټ نومې یو ځائې دے، د هغې هغه سکیم چې کوم دے هغه په 1996 کښې شوے دے او د افسوس خبره دا ده جي چې اتلس کاله ئے وشول خو هغه تر اوسه پورې جي Incomplete دے۔ نه هغه په Ongoing سکیمونو کښې شامل دے په ډې اے ډی پی کښې، نه په دې باندې دغه دا وو، زما ضلعې سره نور هم زه تاسو ته خبره کوم سپیکر صاحب! چې زما په ضلع کښې په ډې اے ډی پی کښې صرف ایک لاکه روپئ ایښودلې شوې دی ولې چې هغه ډیره ترقیافته ضلع ده، هغه هم هائیډرو یو پراجیکټ دے، د هغې دپاره۔ دغسې د دې سکیم اتلس کاله وشول، که شاه فرمان صاحب د دې انکوائری فوری کوی نو ټهیک ده زه به خپل دا کټوتی تحریک واپس کړم، که نه شوه نو دا اسمبلئ ته پیش کړئ چې دغه شی جی۔ تهینک یو۔

جناب سپیکر: شاہ فرمان صاحب۔

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): شکریہ جناب سپیکر۔ میں باری باری Answer کروں۔ معراج بی بی نے بات کی جناب سپیکر، آپ کو پتہ ہے کہ یہ آپ کا حلقہ ہے، اس حلقے کے اندر اے ڈی پی 215، 216 اور 217 سے جتنے پیسے گئے ہیں، وہ آپ کو پتہ ہے۔ اس کے علاوہ جو بڑا اعتراض بھی آیا اور خواتین کی طرف سے، پارلیمانی سیکرٹری بھی آپکے حلقے سے ہے تو دو کروڑ ایکسٹرا بھی آپ کو ملے۔ میں معراج بی بی سے یہ ریکویسٹ کرونگا کہ وہ اس پی کے، 35 کی میرے خیال میں اس کی ٹوٹل دیکھ لیں کہ کتنی

Allocation ہے اور وہ کس طرح اس کا استعمال ہے؟ تو اگر محکمے کی طرف سے کوئی کمی ہے تو آپ مجھے بتا دیں، وہ ان شاءاللہ ہم دور کر دیں گے۔ ایک ریکویسٹ ہے بلکہ میں Written request سارے ممبران کو، (قطع کلامی) ضیاءاللہ صاحب! ذرا، میں ایک Written request سارے ممبران کو بھیجونگا اور اپنے سیکرٹری سے کہونگا کہ آپ کی Constituencies میں اس دفعہ جو تین اے ڈی پیز تھیں، اس کو ہم نے ایک ہیڈ بنایا۔ پہلے Sanitation کیلئے الگ، Rehabilitation کیلئے الگ اور نیو واٹر سپلائی کیلئے الگ سکیمیں تھیں، اس دفعہ یہ ایک ہیڈ ہے، تو اگر کسی کے حلقے میں ٹیوب ویل خراب ہے اور وہ یہ سمجھتے ہیں کہ پیسے اس پر خرچ ہونے چاہئیں، اگر مجھے ہر Constituency سے، ہر Constituency سے مجھے آنریبل ممبرز Written دے دیں کہ کتنے ٹیوب ویلز خراب ہیں، کتنے پیسے چاہئیں؟ جو خراب ٹیوب ویلز ہیں، نمبر آف ٹیوب ویلز؟ تو اس کے سروے کے مطابق اس کو Allocation ہو جائے گی لیکن میری ساتھ یہ بھی ریکویسٹ ہو گی کہ اگر اپوزیشن اس کو Need basis مان لیں تو میں تیار ہوں۔ اگر کسی کے حلقے میں کوئی پانچ کروڑ کی ضرورت ہے یا چھ کروڑ کی ضرورت ہے تو پھر دوسرا بندہ اگر اپوزیشن کا یا گورنمنٹ کا کہے، مجھے اتنے نہیں ملے، میں Need basis کرنے کو تیار ہوں، آپ کی جو Requirement ہے، اس کے اوپر کرنے کو تیار ہوں اور آپ سے ڈیمانڈ کرتا ہوں کہ آپ مجھے Detail دے دیں۔ ایکسیئن کے ساتھ بیٹھ کے آپ کے سامنے اس کی Analysis کر کے اسی وقت ڈائریکٹیو ایشو کرونگا، جو آپ کی Requirements ہیں وہ ان شاءاللہ پوری ہو جائینگی۔ ایک مسئلہ ہمارا ہے، چونکہ پیسکو کوئی 290 کنکشنز جو کہ تیار سکیمیں ہیں اور ہم پیسکو کی طرف دیکھتے ہیں، یہ بھی ایک بڑا ایشو ہے، لہذا پالیسی یہ ہے، اس دفعہ سولرائزیشن کیلئے پیسے رکھے گئے ہیں کہ اگر وہ کنکشنز ہمیں پیسکو دے دیں تو ہو سکتا ہے آپ کی بہت زیادہ شکایات دور ہوں۔ میں آخر میں پھر آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اگر آپ مجھے Written requirements دے دیں اپنی Constituency کی، چاہے وہ نیو سکیم ہو یا Rehabilitation ہو تو اس کے مطابق آپ کو Allocation ہو سکتی ہے۔ اس دفعہ میں یہ Commitment کرتا ہوں کہ یہ Need basis ہو گی ان شاءاللہ Thank you very much۔

جناب سپیکر: یہ آپ نے ریکویسٹ نہیں کی کٹ موشن واپس لینے کی۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: میں ان سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اگر اس کمٹمنٹ کے ساتھ ساتھ آپ یہ واپس لے لیں تو آپ کی بڑی مہربانی ہو گی۔ تھینک یو۔

جناب سپیکر: جی ولی محمد صاحب۔

نوابزادہ ولی محمد خان: جناب سپیکر صاحب، زما دغه منسټر صاحب خو سره نه پکښې ذکر اونکړو، په دې نه پوهیږم چې دې ډسټرکټ بټګرام ته نه هوائی لار شته، نه سمندری لار شته، نه بله لار شته چې آیا دا بټګرام چې کوم دے، دا په خیبر پختونخوا کښې نه دے؟ د دې حساب د بنګله دیش دے نو بس نه پوهیږم چې هغې کښې خو مطلب دا دے بس دې ټولې پختونخوا نه دا شے هیر دے نو آیا مونږ ته څه لار اوښایئ سپیکر صاحب چې زه په دې پوهه شم؟

جناب سپیکر: شاہ فرمان۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: نواب صاحب کے ساتھ بیٹھ کے اس کی بات سن لیتے ہیں اور میں نے تو Openly commit کیا کہ Need basis ہو گی، ان کے جو مسائل ہیں، اس کے حساب سے ان کو Allocation ہو جائے گی۔

جناب سپیکر: جی ولی محمد صاحب، بیٹنی صاحب۔

نوابزدہ ولی محمد خان: جناب سپیکر صاحب! بس دوئ د دا اعلان اوکړی چې زه به د دې انکوائری کوم۔ اتلس کاله کښې یو سکیم نه Complete کیږی، دا ډیره د افسوس غوندې خبره ده۔

جناب سپیکر: جی ان کو۔۔۔۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: جو انکوائری کی بات نوابزادہ صاحب کر رہے ہیں، یہ آج مجھے اس کی Written دے دیں اور میں آج ہی اس کی انکوائری آرڈر کر دونگا۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے۔ اچھا بیٹنی صاحب۔

جناب محمود احمد خان: سپیکر صاحب، داسې انکوائری آرډر ئے زما په حلقه کښې ورکړے وو شاه فرمان صاحب چې هغه زنانه نه وه بهرتی شوې چوکیداره، هغه چې Husband ئے ډرائیور بهرتی شوے وو لا خو تر اوسه پورې هغه رپورټ نه

دے راغلے ، بهرحال ایم اینډ آر فنډ دغسې چې هر کال رادرومی په Liability کښې Show کیږی نو منسټر صاحب ته ما ریکویسټ کړے وو ، هغه کوئسچن هم پینډنګ شو ، هغه پارلیمانی سیکرټری جواب راکړو چې مونږ هلته پته کوؤ۔ هغه وائی چې ایم اینډ آر فنډ مونږ سره نشته چې Liability وی ، هغه قصه هم دغسې پاتې شوه۔ بل منسټر صاحب ته مونږ دا خواست کوؤ چې څه رنګ دې خبره کوی چې Need basis باندې ، بیشکه د دې کمیټی کیږدی چې زه دا سې حلقې ده ته وربنکاره کړم چې ځناور او انسانان پرې په یو ځائې اوبه ښکی نو بیا خو به دا Need basis وی کنه ، او که بیا دا Need basis نه وی ، چې اوس پانچ کروړ دی وائی چې حکومت وئیل نو خامخا دا خو نشی سره راضی کیدے۔ اوس مونږ منسټر صاحب ته دا خواست کوؤ چې کوم هغه اول تاسو انکوائری کیښودله چې هغه هم تاسو نه اوس په زړه کښې څه طمع مونږ لرو که نه؟ بل د ایم اینډ آر چې کوم فنډ جی ، دوئ د ریکارډ راواخلی د شاته کال ، دا خو دیو کال د پاره چې دا ولې په Liability کښې Use کیږی چې مونږ پته کوؤ ، هغه وائی چې مونږ Liabilitis دی ، لهذا مونږ ځکه دغه کټ موشن ووټنګ ته پیش کوؤ ، مونږ مطمئن نه یو۔

جناب سپیکر: جی شاہ فرمان صاحب۔ میڈم! یہ بات کرلیں پھر میں آپ کو۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: جناب سپیکر! یہ جو ہم نے ایک ہیڈ کر دیا کہ جو Allocation ہو گی، وہ اگر کوئی مشین بھی خراب ہے، سٹیبلائزر خراب ہے، جہاں بھی کوئی چیز خراب ہو تو یہ Rehabilitation میں Use کر سکیں گے Freely، تو میں نہیں سمجھتا لیکن اگر ان کو اپنے حلقے کا پتہ ہے کہ کہاں کہاں کتنی خرابی ہے اور کتنا فنڈ اس کیلئے چاہیئے، وہ اگر ایکسیئن کے ساتھ بیٹھ کے، ایم پی ایز کے ساتھ بیٹھ کے کہ وہ Verify کریں کہ یہ سکیم خراب ہے اور اسکے اوپر اتنا خرچہ ہے، تو ایکسیئن کے سامنے، ایم پی اے کے سامنے میں Allocation کر جاؤں گا، ان شاءاللہ ایسی کوئی بات نہیں ہو گی۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، او کے۔ اچھا، مفتی جانان صاحب۔

محترمہ معراج ہمایون خان: جناب سپیکر! زما هم جی دغه دے۔

جناب سپیکر: اچھا جی، میڈم۔

محترمہ معراج ہمایون خان: او جی، مهربانی سپیکرصاحب، مهربانی۔ شاه فرمان صاحب خوکوشش وکړو چې جواب راکړی زما د سوالاتو خو زه Satisfied ځکه نه یم چې هغه ما خو یو Specific دغه ورکړی وو، زما د خپلې علاقې تهیک ده 35 زما علاقه ده، ستاسو هم ده او د هغې Allocation به شوے وی، Allocation خو ډیر آسان وی چې هغه دغه شی خو زما علاقه بالکل یو طرف ته ده او هغې سره هغه طرف ته 36 هم لګیدلې ده او غرئیزه علاقه ده، اوبه پکښې نشته دےاو هلته کښې چې ټیوب ویلونه بل حکومت جوړ کړی وو او هغه نه Functional کیدل نو هغه لږ د افسوس خبره وه۔ بیا دا کنډل داسې دے چې هغه بالکل یو طرف دے او د هغې هغه زنانه چې دی، څومره په تکلیف کښې وې نو هغه ما پوائنټ آوټ کړی وو نو دا خو Specific دا Example راشی نو هغه ئے هغه کړی دی۔ بل چې څنګه هغه وائی، ډیره مهربانی هغه مونږ له کلهم اختیار راکړو منسټرصاحب چې مونږ د نشاندهی وکړو او هغوی له د لسټ ورکړو، د هغه ټیوب ویلونو خو زما دغه دا ده منسټرصاحب ته چې یو ایم پی اے سره خو دومره Resources نشته دی چې هغه به اوګرځی او هغه به معلومات وکړی، دا خو د ډیپارټمنټ کار دے چې ریسرچ او دغه وکړی او ستاسو خپل Figures او خپل Statistics راشی چې کوم ځائې کښې زیات دی، څنګه ماته پرون د ایجوکیشن ډیپارټمنټ نه راغلو یو لسټ، هغه به پوره تاسو هم اوینئ نو د هغې مطابق بیا دغه کوئ نو هغه به زیات ښه وی۔ مهربانی۔

جناب سپیکر: جی۔جی، شاہ فرمان صاحب! میرے خیال میں آگے، پھر ابھی میں وہ دوسرا اوالا شروع کروں گا۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: جناب سپیکر، میں نے صرف یہ کہا کہ جو سکیمیں خراب ہیں، اس کی اگر نشاندہی ہو جائے تو جو Estimated cost ہے، وہ ڈیپارٹمنٹ خود کرلے گا لیکن معزز اراکین کی طرف سے صرف یہ پتہ چل جائے کہ یہ یہ سکیمیں خراب ہیں، وہ باقی کام ڈیپارٹمنٹ خود کرلے گا۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی، او کے جی۔ Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 15-----

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: میڈم پلیز، ٹائم کا بھی وہ۔۔۔۔۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی، خبره، میډم۔

محترمہ ثوبیہ شاہد: سر! د زنانو د پاره چې کومه د اوبو مسئله ده، خاصکر زمونږ په دير کښې چې کومه مسئله ده او په هرځائې کښې په ټوله صوبه کښې دا صرف د ښځو د پاره ده چې هغوی مټکو کښې، منګو کښې اوبه راوړي او صرف د هغوی د پاره وی نو تاسو Last time هم ښځو له هيڅ فنډ ورنکړو په ديکښې چې د هغوی پرې دا مسئلې حل شوې وې او نه چې کوم دے دې مسئلو ته تاسو توجه ورکړه۔

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: جناب سپیکر! پہلے تو یہ ان کی جو ضروریات ہیں، بتائیں کہ اس ایریا کے اندر ان کو پریشر پمپ چاہیئے، ہینڈ پمپ چاہیئے، ٹیوب ویل چاہیئے، اس کے اوپر لیکن معزز رکن نے اپنا فنڈ جو مجھے یاد ہے کہ ان کو جو فنڈ ملا تھا، وہ کہیں غازی میں If I am right اس نے اپنا فنڈ غازی میں جو ہے، وہ Use کیا ہے اور اس کو زیادہ فکر دیر کی ہے تو ذرا Confusion ہے۔ یہ جو ڈیمانڈ کرے گی، میں ان شاءاللہ اس کے ساتھ ہوں، اس کو Allocate کر جاؤں گا۔۔۔۔۔

(قہقہے اور تالیاں)

Mr. Speaker: Thank you, ji. Since all the honourable Members have withdrawn their cut motions on Demand No. 15, therefore, the question before the House is that Demand No. 15 may be granted? Those who are in favor of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted.

ابھی Guillotine, guillotine, guillotine کرتے ہیں جی۔ چونکہ چیف منسٹر صاحب نے خطاب بھی کرنا ہے اور پھر وہ سارا کچھ وہ ہو جائے گا۔ آنریبل منسٹر فار لوکل گورنمنٹ، پلیز۔

جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ -/10 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے

جوکہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران بلدیات، انتخابات و دیہی ترقی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees ten only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Local Government and Rural Development? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Honourable Special Assistant for Agriculture, on behalf of honourable Chief Minister. Demand No. 19, Demand No. 19.

جناب عارف یوسف (معاون خصوصی برائے قانون و پارلیمانی امور): شکریہ جناب سپیکر۔ میں تحریک پیش کرتاہوں کہ صوبائی حکومت کوایک ایسی رقم جو مبلغ -/600 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران امداد باہمی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 6 hundred only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Cooperation? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Honourable Special Assistant for Environment, on behalf honourable of Chief Minister.

سید محمد اشتیاق (معاون خصوصی برائے ماحولیات): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 18 کروڑ 93 لاکھ 28 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کی دی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران ماحولیات اور جنگلات کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 18 crore 93 lac 28 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Environment and Forests? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Honourable Special Assistant for Environment, on behalf of honourable Chief Minister. Demand No. 21.

معاون خصوصی برائے ماحولیات: میں تحریک پیش کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: ڈیمانڈ نمبر 21۔

معاون خصوصی برائے ماحولیات: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت ایک ایسی رقم جو مبلغ 2 کروڑ 93 لاکھ 39 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران جنگلی حیات کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 2 crore 93 lac 39 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Wildlife? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 22 Honourable Special Assistant for Environment, on behalf of honourable Chief Minister.

جناب محب اللہ خان (معاون خصوصی برائے امور حیوانات و امداد باہمی): میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 49 لاکھ 71 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران ماہی پروری کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 49 lac 71 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come

in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Fisheries? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Honourable Minister for Irrigation, Demand No. 23, Mehmood Khan.

جناب محمود خان(وزیر آبپاشی): بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ جناب سپیکر، میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 3 کروڑ 66 لاکھ، 46 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران آبپاشی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 3 crore 66 lac 46 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Irrigation? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 24 Honourable Special Assistant for Industries.

جناب عبدالمنعم(معاون خصوصی برائے صنعت، حرفت وتجارت): بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 80 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران صنعت و حرفت کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 80 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Industries? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 25, honourable Minister for Mineral.

جناب ضیاءاللہ آفریدی (وزیر معدنیات): شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں تحریک پیش کرتاہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 70 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران معدنی ترقی وانسپکٹوریٹ آف مائنز کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 70 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Mineral Development and Inspectorate of Mines? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Honourable Special Assistant for Law, on behalf of honourable Chief Minister, Demand No. 26.

جناب عارف یوسف (معاون خصوصی برائے قانون وپارلیمانی امور): شکریہ جناب سپیکر۔ میں تحریک پیش کرتاہوں کہ صوبائی حکومت کوایک ایسی رقم جو مبلغ 2 کروڑ 82 لاکھ 15 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران سرکاری چھاپہ خانہ کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 2 crore 82 lac 15 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Government Printing Press? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 27: Honourable Special Assistant for Population Welfare, Shakeel Sahib.

جناب شکیل احمد (معاون خصوصی برائے بہبود آبادی): جناب سپیکر! میں تحریک پیش کرتاہوں کہ صوبائی حکومت کوایک ایسی رقم جو مبلغ 2 کروڑ 67 لاکھ 8 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے

کیلئے دے دی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران بہبود آبادی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 2 crore 67 lac 8 Thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending $30^{th}$ June, 2014, in respect of Population Welfare? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Honourable Special Assistant for Technical Education, Arif Yousaf Sahib.

جناب عارف یوسف (معاون خصوصی برائے قانون و پارلیمانی امور): شکریہ جناب سپیکر۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 110 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات۔۔۔۔۔

Mr. Speaker: The Demand is moved and now the question is that---

Mr. Arif Yousaf (Special Assistant for Law): Demand No. 28, Sir?

Mr. Speaker: Demand No. 28.

معاون خصوصی برائے قانون و پارلیمانی امور: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 110 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران فنی تعلیم وافرادی قوت کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 110 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending $30^{th}$ June, 2014, in respect of Technical Education and Manpower? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Honourable Special Assistant for Labour, Arif Sahib. Demand No. 29.

جناب عارف یوسف (معاون خصوصی برائے قانون و پارلیمانی امور): شکریہ جناب سپیکر۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 120 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے

کیلئے دیدی جائے جو کہ 30جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران لیبر کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

<u>Mr. Speaker:</u> The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 120 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Labour? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 30: Honourable Minister for Public Health.

ستا څومره دغه دے، ډیمانډ دے؟

<u>وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ:</u> خیر دے جناب سپیکر! که ډیر وی نو۔ میں تحریک پیش کرتاہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 9لاکھ 2ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دے دی جائے جو کہ 30جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران اطلاعات، تعلقات عامہ اور ثقافت کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

<u>Mr. Speaker:</u> The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 9 lac 2 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Information and Public Relation? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 31: Honourable Special Assistant for Social Welfare.

<u>محترمہ مہرتاج روغانی (معاون خصوصی سماجی بہبود و ترقی نسواں):</u> تھینک یو مسٹر سپیکر۔ On behalf of Chief Minister میں تحریک پیش کرتی ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 18کروڑ 35لاکھ 35 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دی جائے جو کہ 30جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران سماجی بہبود، خصوصی تعلیم اینڈ ویمن امپاورمنٹ کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 18 crore 35 lac 35 thousan only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Social Welfare, Special Education and Empowermnent of Women? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 32, Honourable Minister for Ushr and Zakat.

جناب حبیب الرحمان (وزیر برائے زکواۃ، عشر، حج واوقاف): شکریہ جناب سپیکر۔ بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں ایک تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کوایک ایسی رقم جو مبلغ 40لاکھ روپے سے متجاوزنہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران زکواۃ وعشر کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 40 lac only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Zakat and Ushar? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Honourable Senior Minister for Finance.

جناب محمد علی (پارلیمانی سیکرٹری برائے خزانہ): بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کوایک ایسی رقم جو مبلغ 7 کروڑ 52لاکھ 42ہزار روپے سے متجاوزنہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران پنشن کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 7 crore 52 lac 42 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Pension? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 34: Honourable Minister for Zakat Ushr, to please move his Demand No. 34.

جناب حبیب الرحمن (وزیر برائے زکواۃ، عشر، حج واوقاف): شکریہ جناب سپیکر۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کوایک ایسی رقم جو مبلغ 30 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران اوقاف، مذہبی واقلیتی امور اور حج کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 30 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Auqaf, Religious and Minority Affairs and Hajj? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 35, Honourable Special Assistant for Sports, on behalf of honourable Chief Minister, sorry Advisor, ji Amjad Afridi.

(Applause)

جناب امجد خان آفریدی (معاون خصوصی برائے کھیل وامور نوجوانان): تھینک یو جناب سپیکر۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کوایک ایسی رقم جو مبلغ 2 کروڑ 11 لاکھ 52 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران کھیل، سیاحت اور عجائب گھر کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 2 crore 11 lac 52 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Sports, Tourism and Museums? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 36, Honourable Special Assistant for Law.

جناب عارف یوسف (معاون خصوصی برائے قانون و پارلیمانی امور): شکریہ جناب سپیکر۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 40 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران ہاؤسنگ کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 40 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Housing? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 37: Honourable Advisor.

جناب عبدالحق خان (مشیر برائے بین الصوبائی رابطہ): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 10 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران بین الصوبائی رابطے کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔ شکریہ۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 10 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Interprovincil Relation? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 38, Honourable Special Assistant for Law.

جناب عارف یوسف (معاون خصوصی برائے قانون و پارلیمانی امور): شکریہ جناب سپیکر۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 20 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران انرجی اینڈ پاور کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

<u>Mr. Speaker:</u> The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 20 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Energy and Power? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 39, Honourable Special Assistant for Law.

<u>معاون خصوصی برائے قانون وپارلیمانی امور:</u> میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 2 کروڑ 79 لاکھ 28 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران ٹرانسپورٹ کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

<u>Mr. Speaker:</u> The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 2 crore 79 lac 28 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Transport? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 40, Honourable Minister for Elementary and Secondary Education.

<u>جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم):</u> بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 4 ارب 4 کروڑ 14 لاکھ 89 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران ابتدائی و ثانوی تعلیم کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

<u>Mr. Speaker:</u> The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 4 billion 4 crore 14 lac 89 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Elementary and Secondary Education? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 41, Honourable Special Assistant for Law.

جناب عارف یوسف (معاون خصوصی برائے قانون و پارلیمانی امور): شکریہ جناب سپیکر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 2 ارب 28 کروڑ 72 لاکھ 43 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران امداد، بحالی، آبادکاری و شہری دفاع کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 2 billion 28 crore 72 lac 43 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Relief, Rehabilitation, Resettelment and Civil Defence? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Honourable Minister for Food, Demand No. 42.

حاجی قلندر خان لودھی (وزیر خوراک): شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! میں ایک دفعہ پھر شکریہ ادا کرتا ہوں اپوزیشن کا اور ہاؤس کا بھی کہ یہ 51 ضمنی ڈیمانڈز تھیں جس میں سے مجھ پر آج کسی نے کٹ موشن داخل نہیں کی، میں ایوان کا اور خصوصاً اپوزیشن کا مشکور ہوں کہ انہوں نے میرے محکمے پر اعتماد کا جو اظہار کیا۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِیمِ۔ جناب سپیکر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 590 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران سٹیٹ ٹریڈنگ ان فوڈ گرین اینڈ شوگر کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 590 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of State trading in foodgrain and sugar? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 43, Honourable Parliamentary Secretary for P&D.

جناب خلیق الرحمان (پارلیمانی سیکرٹری برائے منصوبہ بندی و ترقی): میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 140 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران ترقیات کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 140 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Developments? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 44, Honourable Minister for Local Government.

جناب عنایت اللہ (وزیر بلدیات): میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 90 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران دیہی و شہری ترقی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 90 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Rural and Urban Development? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Honourable Minister for Public Health Engineering.

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): شکریہ جناب سپیکر۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 50 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 50 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Public Health Engineering? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 46, Honourable Minister for Elementary and Secondary Education.

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو کہ مبلغ 40 کروڑ 18 لاکھ 56 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران تعلیم و تربیت کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 40 crore 18 lac 56 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Education and Training? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 47, Honourable Senior Minister for Health.

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر برائے (صحت وانفارمیشن ٹیکنالوجی)}: شکریہ جناب سپیکر۔ میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 40 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران صحت عامہ کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 40 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Public Health? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 48, Honourable Minister for Irrigation.

جناب محمود خان (وزیر آبپاشی): شکریہ سپیکر صاحب! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 1ارب 18 کروڑ 71لاکھ 2ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30جون 2014کو ختم ہونے والے سال کے دوران تعمیرات آبپاشی کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees one billion 18 crore 71 lac 2 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Irrigation construction? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 49, Honourable Special Assistant for C&W.

جناب اکبر ایوب خان (مشیر برائے مواصلات و تعمیرات): جناب سپیکر! میرے پاس یہ ڈیمانڈ نمبر 56 لکھی ہوئی ہے۔

جناب سپیکر: ڈیمانڈ نمبر 49۔

مشیر برائے مواصلات و تعمیرات: میں موو کردوں جی؟

جناب سپیکر: جی جی۔

Advisor for C&W: I wish to move a motion that a sum not exceeding rupees 7 billion 50 crore 42 lac 40 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Development Expenditure for Construction of Roads, Highways and Bridges.

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 7 billion 50 crore 42 lac 40 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Development Expenditure for

Construction of Roads, Highways and Bridges? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 50, Honourable Special Assistant for Law.

جناب عارف یوسف (معاون خصوصی برائے قانون و پارلیمانی امور): جناب سپیکر! میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 3 ارب 63 کروڑ 36 لاکھ 4 ہزار روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران سپیشل پروگرام کے سلسلے میں برداشت کرنا ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 3 billion 63 crore 36 lac 4 thousand only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Special Program? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted. Demand No. 51, Honourable Parliamentary Secretary for P&D.

جناب خلیق الرحمان (پارلیمانی سیکرٹری برائے منصوبہ بندی و ترقی): میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ صوبائی حکومت کو ایک ایسی رقم جو مبلغ 20 روپے سے متجاوز نہ ہو، ان اخراجات کے ادا کرنے کیلئے دیدی جائے جو کہ 30 جون 2014 کو ختم ہونے والے سال کے دوران بیرونی امداد سے چلنے والے منصوبوں کے سلسلے میں برداشت کرنے ہونگے۔

Mr. Speaker: The Demand moved and now the question is that a sum not exceeding rupees 20 only, may be granted to the Provincial Government to defray the charges that will come in course of payment for the year ending 30th June, 2014, in respect of Projects run through foreign assistance? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Demand is granted.

## ضمنی بجٹ برائے سال مالی سال 14-2013 کے توثیق شدہ جدول کا ایوان کی میز پر رکھا جانا

Mr. Speaker: Item No. 5: Honourable Minister for Local Gocvernment, on behalf of Senior Minister for Finance, to please lay on the table of the House, the Authenticated Schedule of Authorized Expenditure of Supplementary Budget, for the Year 2013-14, under Article 123 of the Constitution.

Mr. Inayatullah (Minster for Local Government): Sir, I beg to lay on the table, the Authenticated Schedule of Authorized Expenditure of Suplementary Budget for the year 2013-14, in the House, on behalf of the Senior Minister for Finance. Thank you.

Mr. Speaker: It stands laid.

جناب سپیکر: جناب محترم چیف منسٹر صاحب، جناب وزیر اعلیٰ صاحب۔

(تالیاں)

جناب پرویز خٹک (وزیر اعلیٰ): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر! سب سے پہلے تو میں پورے ہاؤس کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے بڑی خوش اسلوبی سے اس بجٹ میں اپنی کارکردگی بھی دکھائی اور اپوزیشن کی طرف سے اعتراضات بھی آئے، یہاں سے جوابات بھی ملے اور میں سب کو یقین دلاتا ہوں کہ جو اعتراضات یا جو تجاویز ہمیں دی گئیں، ان شاءاللہ تعالیٰ ان پہ عمل کریں گے، اگر کچھ رہ جائے تو آپ سے ریکویسٹ ہے کہ ہم سے رابطہ رکھیں کیونکہ کچھ نہ کچھ رہ جاتا ہے تو پھر بعد میں مسئلے پیدا ہوتے ہیں۔ تو جناب سپیکر! میں زیادہ بات تو نہیں کروں گا لیکن یہ جو پچھلا سال گزرا ہے اور جو پہلی تقریر میں نے اسمبلی میں کی تھی اور عوام سے اور اسمبلی سے وعدہ کیا تھا کہ ہم نے اس صوبے میں ایک سسٹم لانا ہے، اس صوبے کو ایک سسٹم کے تھرو چلانا ہے، اس صوبے میں بہتری لانی ہے، یہاں صاف اور شفاف نظام دینا ہے، کرپشن کو ختم کرنا ہے اور ایسا نظام لانا ہے تاکہ ہر ایک کو آسانی ہو اور کسی کے ساتھ ناانصافی نہ ہو، تو خاص طور پر اس اسمبلی میں یہ پچھلے دنوں میں اس سال میں کچھ ناگوار باتیں بھی ہوئیں، کچھ میری طرف سے بھی سخت باتیں ہوئیں، میں معذرت خواہ ہوں اور کوشش کروں گا کہ ایسی کوئی بات نہ ہو جس سے کسی کی دل آزاری ہو (تالیاں) کیونکہ کبھی کبھی آپ کی طرف سے بھی ایسی بات آجاتی ہے، کبھی ہماری طرف سے، تو یہ ہمارا گھر ہے، کبھی ایسی باتیں ہوتی رہیں گی لیکن اس کو دل پر نہیں لینا چاہتا۔ ہمارا کوئی ذاتی اختلاف کسی کے ساتھ نہیں ہے، سیاست ہے، ہم نے اپنا پوائنٹ آف ویو دینا ہے، آپ نے اپنا پوائنٹ آف ویو دینا ہے، آپ کا اپنا حق بنتا ہے، ہمارا اپنا حق ہے تو اس کو ہم نے برے 'سینس' میں نہیں لینا کہ ہم نے کسی کی بے عزتی کی یا آپ

نے ہماری بے عزتی کی، تو یہ ایک نارمل روٹین چلتی رہے گی اور ان شاءاللہ تعالیٰ ہم کوشش کریں گے اور آپ بھی کوشش کریں کہ ایک دوسرے کی عزت کا خیال رکھیں، یہ ہمارے اوپر لازم ہے۔ جناب! ہمارے صوبے میں دو تین اہم مسئلے ہیں، ایک امن وامان کا ہے، دہشت گردی ہے، مہنگائی ہے، بیروزگاری ہے اور آج کل آئی ڈی پیز کا مسئلہ ہے۔ امن وامان سب سے بڑا مسئلہ ہے، جب تک اس صوبے میں امن نہ ہو تو نہ یہ صوبہ ترقی کر سکتا ہے، نہ اس صوبے میں انویسٹمنٹ ہو رہی ہے، نہ ہی کوئی ہمارے صوبے میں کوئی پیسہ لگانا چاہتا ہے، نہ انڈسٹری لگ رہی ہے۔ تو ہم نے تو اپنے اس صوبے میں کوشش کی، یہاں جتنی سیاسی پارٹیز ہیں، سب نے وفاق کو اختیار دیا کہ بات چیت کے ذریعے اس مسئلے کو حل کیا جائے اور اس میں بات چیت بھی ہوتی رہی، ہمارے اس صوبے میں بہتری بھی آئی، امن وامان میں بہتری آئی اور ہمیں امید تھی کہ اور بہتر ہوتا جائے گا لیکن ساتھ ساتھ اس ملک میں Different جگہوں پہ دہشت گردی بھی ہوتی رہی تو آج جو ہمیں مسئلہ درپیش ہے، یہ آج کا نہیں ہے، یہ کئی سالوں سے چل رہا ہے اور آج اس میں وزیرستان سے لوگ باہر نکلنا شروع ہوئے ہیں کیونکہ وزیرستان کو سمجھا جاتا ہے کہ وہاں سے زیادہ دہشت گردی ہوتی ہے تو ہم اپنے آئی ڈی پیز جو ہمارے مہمان ہیں، ان شاءاللہ تعالیٰ ہم مکمل ان کا خیال بھی رکھیں گے، صوبے کی طرف سے ہم نے ان کیلئے ہیلتھ جو وہاں ہاسپٹلز ہیں، ان کو اپ گریڈ کرنا شروع کر دیا ہے، ڈاکٹرز بھیج دیئے ہیں، ایمبولینسز بھیج دیئے ہیں، ان کے جو مویشی ہیں، ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ کو ہم نے کہہ دیا ہے کہ ان کیلئے چارہ وغیرہ بھی دے تاکہ ان کو تکلیف نہ ہو۔ صوبائی حکومت کی طرف سے ابھی ہم نے رمضان پیکیج بھی دیا ہے، پانچ ہزار فی فیملی ہم صوبے کی طرف سے دے رہے ہیں اور جو کرائے کے گھروں میں رہ رہے ہیں، ان کیلئے بھی اس صوبے کی طرف سے تین چار ہزار روپے فی گھر جو وہاں پر گاؤں میں ملتے ہیں، ان کا کرایہ بھی صوبہ برداشت کرے گا۔ (تالیاں) تو وفاق کی طرف سے چونکہ وہ رقم سات ہزار مہینے کی دی جارہی ہے اور پانچ ہزار ون ٹائم انہوں نے دیا ہے۔ ہم نے اسمبلی سے قرارداد بھی پاس کی ہے اور ان سے ریکویسٹ بھی کی ہے، میں لیٹر بھی لکھنے لگا ہوں کہ سات ہزار سے کچھ نہیں بنے گا کیونکہ سات ہزار سے صرف دو وقت کی سوکھی روٹی وہ خرید نہیں سکتے ہیں، تو ہماری اس اسمبلی کے تھرو بھی ریکویسٹ کی ہے اور میں Personally بھی In writing وفاق کو بھیجوں گا کہ یہ پیسے بہت کم ہیں کیونکہ مہنگائی بہت زیادہ ہے اور

ان کو مدد کی ضرورت ہے۔ایک واقعہ کل وہاں پر پیش آیا،ایک سٹیڈیم میں، چونکہ اچانک کوئی چودہ پندرہ ہزار لوگ سٹیڈیم میں آ گئے اور وہاں پر مسئلہ پیدا ہو گیا، پرابلم یہ ہے کہ صوبائی حکومت وفاق کو Facilitate کر رہی ہے کیونکہ یہ مسئلہ وفاق کا ہے، فاٹا کا مسئلہ ہے اور ہمارے صوبے کی طرف سے ہماری پولیس بھی ان کی سپورٹ کر رہی ہے،Facilitate کر رہی ہے، ہیلتھ کی طرف سے بھی، مطلب ہے جو ہمارے صوبے میں مسئلے ہیں، ہم مکمل طور پر ان کو سپورٹ بھی کرتے ہیں،Facilitate بھی کرتے ہیں لیکن مسئلہ یہ ہے کہ یہ اختیار ہمارے صوبے کا نہیں ہے، نہ وہ دے رہے ہیں کہ ہم کہاں کیمپ لگائیں، ہم اپنے آئی ڈی پیز کو کہاں رکھیں؟ کالج اور سکول میں بھی نہیں رکھ سکتے ہیں، ان کیلئے کیمپ بھی نہیں لگا سکتے تو وہاں پر جو ڈسٹری بیوشن پوائنٹس ہیں، وہ فیصلہ بھی وفاق کرتا ہے تو مسئلہ یہ ہے کہ گالیاں ہمیں پڑتی ہیں، فیصلے وہاں سے ہوتے ہیں۔ تو ہماری طرف سے مکمل تعاون ہے، اگر ہمیں اجازت ہوتی کہ ان آئی ڈی پیز کا ہم خیال رکھتے تو ان شاء اللہ آپ کو یقین دلاتے ہیں کہ وہ ہم بہتر کر سکتے تھے۔ چونکہ یہ ان کا فیصلہ ہے، چونکہ آئی ڈی پیز فاٹا سے آرہے ہیں، فنڈز بھی ان کا فرض ہے کہ وہ دیں اور ہمارا فرض ہے کہ ہمارے صوبے میں مہمانوں کی طرح ان کا خیال رکھیں تو ہماری طرف سے ان شاء اللہ کوئی کوتاہی نہیں ہو گی اور کہیں ہوتی ہے، ہم نے ہمارے اپنے ممبرز کی کمیٹی بنائی ہے تو میں نے علی امین صاحب کو' سپوکس پرسن 'بنایا ہے تو میں اپوزیشن کے ساؤتھ کے ممبرز کو بھی ریکویسٹ کرتا ہوں کہ آپ مل کر کمشنر کے ساتھ Daily، ایک ایم پی اے اپوزیشن کا ہو، ایک ہمارے گورنمنٹ کا ہو کہ وہ Daily جائیں اور کمشنر کے ساتھ بیٹھیں اور معلومات کریں۔ جہاں کوئی تکلیف ہو، کوئی مسئلہ ہو تو علی امین کو میں نے کہہ دیا ہے کہ آپ سب سے رابطہ رکھیں اور سارے ایم پی ایز Represent کریں یا منسٹر ہو، تاکہ ان کے مسئلے حل ہو سکیں اور ہمیں اطلاع بھی ہو۔ (تالیاں) دوسرا مہنگائی، یہ ایک بہت بڑا مسئلہ ہے ہمارے ملک کا اور ہمارے صوبے کا، مہنگائی دن بدن بڑھ رہی ہے اور ہمیں پریشانی ہوتی ہے کہ اس کا حل کیا کریں؟ کیونکہ ہمیں لوگوں کو جواب دہ ہونا پڑتا ہے۔ مہنگائی تب بڑھتی ہے جب پٹرول مہنگا ہوتا ہے، گیس مہنگی ہوتی ہے، ڈالر مہنگا ہوتا ہے، ملک کے معاشی حالات اچھے نہ ہوں تو مہنگائی بڑھتی ہے۔ اگر ملک کے معاشی حالات بہتر ہو جائیں، اکانومی بہتر ہو جائے تو تب ہی جا کر یہ مہنگائی ختم ہو سکتی ہے۔ ہمارا تو اتنا کام ہے کہ ہم مارکیٹ کو

کنٹرول کریں اور وہاں پر ہمارے جو ایڈمنسٹریٹیو، ہمارے DCs وغیرہ ہیں، وہ جا کر چیک کریں اور مہنگائی نہ ہو۔ خاص طور پر ادھر پشاور میں ہمارا ایک مسئلہ تھا، وہ مارکیٹ کمیٹیز تھیں، ہم نے جب چیک کیا تو ادھر منڈی میں بیس روپے کی اور وہی چیز جو مارکیٹ میں آتی تھی، وہ پچاس میں بکتی تھی تو مارکیٹ کمیٹیز ہم نے ختم کر دی ہیں اور آپ سوچیں کہ ایک دن میں چالیس پرسنٹ بازار میں مہنگائی کم ہو گئی، تو ان چیزوں پر ہمارا فرض ہے کہ ہم ان پر نظر رکھیں تو ان شاء اللہ تعالیٰ ہم اس مارکیٹ کمیٹیز، پشاور میں بھی اس میں تبدیلی لے آئیں اور اس طرح سارے صوبے میں ہم کوشش کر رہے ہیں کہ نئی مارکیٹ کمیٹیاں بنیں اور اس میں وہ منافع خوروں کو ہم ہٹا دیں اور اچھے لوگ اس میں آ جائیں تاکہ یہ کنٹرول ہو سکے۔ چونکہ میں کوئی ٹیکنکل آدمی تو ہوں نہیں لیکن جب میں نے وہ سارا اسٹڈی کیا تو پتہ چلا کہ یہ تو سب منافع درمیان والے لوگ لے جاتے ہیں جو منڈی سے مارکیٹ پہنچاتے ہیں، سب کچھ وہ لے جاتے ہیں اور مصیبت حکومت کیلئے ہے، تو اس میں ہم آپ سے بھی تعاون چاہیں گے کیونکہ شاہ فرمان کی میں نے یہ ڈیوٹی لگائی ہے، آپ کی اپوزیشن سے بھی ہم لوگ لیں گے تاکہ کوئی طریقہ بن سکے اور یہ مارکیٹ اور منڈی کے بیچ میں یہ جو Difference ہے، یہ ختم کیا جا سکے، تو اس کیلئے ہم آپ سے ان شاء اللہ رابطہ رکھیں گے۔ دوسرا بیروزگاری کا مسئلہ ہمارے صوبے کا نہیں، ہمارے سارے ملک کی بدقسمتی، ہمارے صوبے کے تو سب سے بڑی بدقسمتی یہ ہے کہ ہمارا صوبہ اس وقت انڈسٹری کیلئے فزیبل نہیں ہے کیونکہ بغیر کارخانوں کے اور بغیر ایگریکلچر کو ترقی دیئے کوئی صوبہ، کوئی ملک ترقی نہیں کر سکتا، تو انڈسٹری کا ہمارا یہ مسئلہ ہے کہ چونکہ امن و امان نہیں ہے، دہشت گردی ہے، اس کی وجہ سے ہمارے سارے کارخانے بند ہیں۔ اس کیلئے ایک ہی راستہ میں نے نکالا ہے، وہ یہ ہے کہ ہمارے اس صوبے میں ہمارے پاس فالتو گیس ہے جس کے بارے میں میری وزیراعظم سے میٹنگ ہوئی، منسٹر پٹرولیم سے، سیکرٹری سے اور چھ مہینے میں اس جدوجہد میں رہا لیکن اللہ کا شکر ہے کہ ابھی وہ Agree کر گئے ہیں کہ جو ہماری فالتو گیس ہے، ایکسٹرا گیس ہے، اس کو ہم اپنی انڈسٹری کیلئے استعمال کر سکتے ہیں۔ اس کیلئے ہم نے یہ پروگرام بنایا ہے، کچھ گیس ہم انڈسٹریز کو دیں گے اور تقریباً تین سو میگا واٹ بجلی ہم گیس سے پیدا کریں گے تاکہ ان ایریاز میں جہاں پر انڈسٹریل اسٹیٹ ہے، وہاں پر ہم کارخانوں کو سستی بجلی دیں، چوبیس گھنٹے بجلی دیں تاکہ ہمارے صوبے میں کارخانے لگ سکیں۔ (تالیاں) تو امید مجھے یہ ہے کہ ان

شاءاللہ اس مہینے میں وفاق اور ہمارے بیچ میں یہ ایگریمنٹ ہو جائے گا کہ ہمارے پاس کتنی گیس ہے اور کس کس مہینے میں کتنی ہمیں ملے گی ایکسٹرا؟ تو یہ اس میں سب سے پہلا حق جو ہے، ہنگو اور کوہاٹ کا ہے، سب سے پہلے ہنگو کوہاٹ کو، Sorry ہنگو، کوہاٹ اور کرک، ان تینوں میں یہ گیس نکل رہی ہے تو ادھر ہم، میری کوشش ہے کہ انڈسٹریل اسٹیٹ بہت بڑی بنائی جائے تاکہ ان تین ضلعوں کو سب سے زیادہ اس کا فائدہ پہنچ سکے اور ساتھ ساتھ پشاور میں انڈسٹریل اسٹیٹ ہے، ادھر رسالپور میں ہے، حطار میں ہے، گدون میں ہے اور Especially ملاکنڈ میں، کیونکہ ملاکنڈ میں ٹیکس بھی نہیں ہے اور اگر ہم ان کو سستی بجلی دیدیں اور چوبیس گھنٹے بجلی دیں تو مجھے یقین ہے کہ سب سے زیادہ انڈسٹریز ملاکنڈ میں آئیں گی۔ (تالیاں) تو یہ ایک سلسلہ ہم نے شروع کیا ہے تاکہ صوبے میں، اور کوئی بھی ہمارے پاس مسئلہ نہیں ہے جب تک ہم انڈسٹری نہیں بنائیں گے، نئے کارخانے نہیں آئیں گے، کارخانہ دار نہیں آئیں گے تو کوئی حل ہی نہیں ہے کہ ہم بیروزگاری ختم کرسکیں، تو اس سلسلہ میں ہمارا کام جاری ہے۔ دوسرا ہمارے صوبے میں جو طرز حکمرانی ہے، ہم نے کوشش کی ہے کہ اخراجات کم کریں، ہماری کوشش ہے کہ وہ حکمران نہ بنیں کہ سڑکوں پر ہمیں گالیاں دیں، آپ کا وزیراعلیٰ آج بھی دو تین گاڑیوں کے ساتھ پھرتا ہے، نہ اس کیلئے کوئی سڑکیں بند کرتا ہے، نہ کوئی چوک بند کرتا ہے تو میری یہ کوشش ہے کہ میں سادہ زندگی گزاروں کیونکہ یہ سیٹ Permanent تو ہوتی نہیں، میں نے کل گھر جانا ہے تو میں چاہتا ہوں (تالیاں) کہ میں سادہ زندگی گزاروں۔

<u>سردار اورنگزیب نلوٹھا:</u> ہم بھی ایک ساتھ، ان شاءاللہ آپ پانچ سال گزاریں گے۔۔۔۔۔

<u>جناب وزیراعلیٰ:</u> کیا کریں؟

<u>اراکین:</u> ہماری خواہش ہے کہ آپ کے ساتھ جائیں۔

<u>جناب وزیراعلیٰ:</u> نہیں، جب بھی جانا ہو نا، Permanent تو نہیں (قہقہہ) ان شاءاللہ پانچ سال گزاریں گے، آپ فکر نہ کریں، میں آپ کے ساتھ ہوں (تالیاں) اور یہ جیسے میں نے کہا، ہم نے کوشش یہی کی کہ وی آئی پی کلچر، جب تک میں اپنا وی آئی پی کلچر ختم نہیں کروں گا تو اوروں کو میں نہیں کہہ سکتا، تو میں اپنی طرف سے کوشش کر رہا ہوں کہ میں وی آئی پی کلچر نہ کروں۔ (تالیاں) ساتھ ساتھ

ہم نے تعلیم اور صحت، اس میں ایمر جنسی نافذ کی ہے، صوبے کے انفراسٹر کچر کی بحالی کیلئے ہم نے کوششیں شروع کی ہیں، صوبے کی آمدنی میں اضافہ اور وفاق سے صوبے کے حقوق کو دلانا، بلدیاتی انتخاب، اقلیتوں اور عبادت گاہوں کی مکمل تحفظ کی کوشش کی ہے ہم نے۔ جناب، میں صرف چند اور چیزیں بتانا چاہتا ہوں جو ہم نے پچھلے سال میں قانون سازی کی ہے اور اصلاحات لانے کی کوشش کی ہے، اس میں نمبر ایک اطلاعات تک رسائی کمیشن کا قیام، خدمات تک رسائی کمیشن کا قیام، خیبر پختونخوا پبلک ریکوائر منٹ ریگولیٹری اتھارٹی کا قیام، احتساب کمیشن کے قیام کیلئے قانون سازی، خیبر پختونخوا ریونیو اتھارٹی کا قیام، پٹوار کلچر کا خاتمہ، تھانہ کلچر میں تبدیلی، تحفظ حقوق نسواں، بیواؤں اور خصوصی افراد کی نگہداشت، تحفظ حقوق صارفین عدالتوں کا قیام، Monetization اور کفایت شعاری، آئل اینڈ گیس کمپنی کا قیام، خیبر پختونخوا سٹاک ایکسچینج کے قیام کیلئے کوششیں اور لوکل گورنمنٹ آرڈیننس اور پولیس کو بااختیار بنانا۔ (تالیاں) تو چونکہ یہ باقی تو قانون سازی ہے، ان شاءاللہ تعالیٰ اس پر بھی قانون سازی اسمبلی سے پاس ہو چکی ہے، کہیں کمیٹی کے پاس ہے تو اس طرح جیسے ہی اس پر کام شروع ہوگا، آپ کو تبدیلی ساتھ ساتھ نظر آئیگی۔ سب سے بڑی بات یہاں پولیس کی ہے، آپ ناراض نہ ہوں، یہاں پر پولیس جو تھی اس صوبے میں یا اس ملک میں، وہ (پولیس والے) ہمارے ایم پی ایز اور ایم این ایز اور منسٹر کے کہنے پر لگائے جاتے تھے اور وہ پھر ہمارے ہی کام کرتے تھے اور ہماری مرضی کے کام تھے اور پبلک پرابلمز کی طرف توجہ نہیں دیتے تھے۔ یہ پہلی دفعہ پاکستان میں ہوا کہ میں نے پولیس کو مکمل بااختیار کیا، نہ میرے پاس، نہ میرے وزیروں کے پاس، نہ ایم پی ایز کے پاس یہ اختیار ہے کہ وہ ایس ایچ او لگائیں، نہ ڈی ایس پی لگا سکتا ہے، نہ ایس پی لگا سکتا ہے، نہ سپاہی تک ہم نہیں لگا سکتے، تو وہ کیوں؟ وجہ یہ ہے کہ اگر ہماری پولیس بااختیار ہوگی، وہ اگر حقیقت میں ایک فورس بن جائے تو تب جاکر لوگوں کو سیکورٹی ملے گی۔ اگر میرا ایس ایچ او ہوگا، میرا ایس پی ہوگا تو وہ میرا تابعدار ہوگا، اگر وہ میرے پوچھے بغیر آئے گا، میرٹ پر آئے گا تو کم سے کم عوام کو جو مسئلے ہیں، وہ آسانی ہو۔ تو میں تو اپنے ضلع میں بہتری محسوس کر رہا ہوں کیونکہ میں مداخلت نہیں کرتا، مجھے روز چالیس پچاس تھانوں سے ٹیلی فون آتے ہیں کہ یہ زیادتی ہو رہی ہے، یقین کرو آج چار مہینے پانچ مہینے گزر گئے ہیں جب سے ہم نے اختیار دیا ہے، ایک بھی کمپلینٹ نہیں ہے مجھے نوشہرہ میں کہ تھانے میں زیادتی ہوئی ہے ہمارے ساتھ بے جا ہمیں

اندر کر دیالیکن میں یہ نہیں کہتا کہ سو فیصد وہ ٹھیک ہو چکے ہیں، ابھی بھی ہمارے اس میں بہت ایسے لوگ ہیں جو ٹھیک نہیں ہو رہے ہیں، ہماری کوشش ہو گی کہ ان کو ہم وقت کے ساتھ ساتھ ٹھیک کریں اور آپ کا تعاون بھی چاہیئے کیونکہ اگر آپ مداخلت نہیں کریں گے، غلط سفارش نہیں کریں گے تو سوال ہی نہیں پیدا ہوتا کہ پولیس غلط کام کرے۔ تو میرے اور آئی جی کے درمیان ایک معاہدہ ہوا ہے، وہ معاہدہ یہ ہے کہ میں نے ان سے کمٹمنٹ کی ہے کہ ہم مداخلت نہیں کریں گے لیکن مجھے تھانہ کلچر ٹھیک چاہیئے، مجھے تھانے میں انصاف چاہیئے، میں تھانے میں ظلم اور زیادتی ختم کرنا چاہتا ہوں۔ میں چاہتا ہوں کہ ایس ایچ او یا تھانے میں کوئی جائے تو اس کا رویہ تو اچھا ہو، وہ بہتر Treat کرے، وہ ایک عام آدمی کو ایسا محسوس ہو کہ میں تھانے میں آیا ہوں، یہ میرا گھر ہے اور یہ میری خدمت کیلئے بیٹھے ہیں۔ تو ہماری کوشش جاری ہے اور ان شاءاللہ تعالیٰ یہ جاری رہیگی، چاہے جتنی مرضی میرے اوپر پریشر آئے لیکن میری یہ کوشش ہو گی کہ محکموں کو محکمے بنائیں، ان کو بااختیار بنائیں، اپنی فورسز کو فورس بنائیں تب جا کر کام بنے گا۔ اگر یہ سب صرف ہمارے ہی تابعدار ہوں گے تو باقی عوام کیا کریں گے؟ وہ اسی طرح رلتے رہیں گے جب تک ہم مداخلت کریں گے۔ تو پلیز کوشش کریں کہ اس میں تعاون کریں اور پولیس کو ایک فورس بنائیں کیونکہ اس صوبے کے جو حالات ہیں، امن وامان تباہ ہے تو ہم ان سے کیا کام لیں گے جب وہ سفارشی اس میں بیٹھے ہوں گے؟ اسی طرح پولیس میں جو بھرتیاں، اس صوبے کی تاریخ میں پہلی دفعہ پولیس میں بھرتیاں این ٹی ایس پر ہو رہی ہیں، کوئی میرے کہنے پر بھرتی نہیں ہو رہی، کوئی میرے وزیر اور منسٹر کے کہنے پر بھرتی نہیں ہو رہی۔ اس سے پہلے بھرتیاں ہوتی رہی ہیں اور ہمارے دور میں بھی شروع میں بھرتیاں ہوئیں، مجھے کمپلینٹس آئی ہیں، میں سمجھا گپ ہے لیکن پتہ چلا کہ تین تین لاکھ میں نوکریاں بکی ہیں اور یہ حقیقت ہے۔ تو اسی وجہ سے میں نے آئی جی صاحب کو کہا کہ این ٹی ایس کے تھرو ٹیسٹ ہو تاکہ پولیس کے ایک صحیح سپاہی آئیں اور بہتر کام کریں اور حکومت بھی بدنام نہ ہو۔ تو یہ سلسلہ ہم نے اور محکموں میں شروع کیا لیکن Specially پولیس میں ضرورت تھی کہ اس میں اچھے پولیس کے لڑکے آئیں اور اس صوبے کو Safe کریں اور پھر ہماری حکومت نے ایک بہت بڑا کارنامہ جو مجھے کبھی کبھی افسوس ہوتا ہے، کچھ تو مان لیا کرو کہ یار! ہم نے کچھ اچھا کام کیا ہے، تو یہ ہے کہ ہم نے ایک غریبوں کیلئے جس میں کوئی تقریباً 45 لاکھ اس صوبے کے غریب لوگوں کو فائدہ پہنچے گا، وہ کیا؟

آٹاہم نے دس روپے کلوسستا کیاہے،ان 45لاکھ لوگوں کیلئے سارا سال اور (تالیاں) اور40روپے کلو گھی ہم نے سستا کیاہے ان غریبوں کیلئے تو (تالیاں) کم سے کم اتنا تو غریبوں کیلئے تو تالی بجادو یار! کوئی بات نہیں ہے، (تالیاں) نہیں، افسوس ہوتا ہے نا، دیکھیں اگر آپ اچھا کام کریں ایمانًا میں ادھر حکومت میں بیٹھا ہوتا تھا، یہاں پر اپوزیشن بیٹھی ہوتی تھی، جو انہوں نے اچھے کام کئے میں ہمیشہ کھڑا ہوتا تھا اور میرے جو اور بڑے تھے، وہ کہتے یہ کیا کر رہے ہو؟ میں نے کہاجب اچھاکام کیا، میں کہوں گا اچھا کیا ہے، نہیں اچھا کیا ہے تو نہیں اچھا کیا۔ صاف بات کریں، ہم بھائی ہیں، ایک دوسرے کے اوپر تنقید بھی کریں تو اگر کوئی اچھا کرے تو ہمیں بھی سپورٹ کریں۔ (تالیاں) مجھے یاد آیا کہ میں نے ایک دفعہ اٹھ کے ایم ایم اے کی حکومت میں یہ جو ٹیچرز کی بھرتی تھی، یہ میرٹ پر ہوئی ہے اور میں ان کو داد دیتا ہوں، میں اس وقت حکومت میں وزیر تھا، تو میں تو ہمیشہ، میں تو کبھی اپنے محکمے کو Cover نہیں کروں گا، میرے محکمے اچھا کام نہیں کریں گے میں کبھی سپورٹ نہیں کروں گا، ٹھیک کام کریں گے تو سپورٹ کروں گا، ٹھیک نہیں کریں گے تو میں آپ کے ساتھ کھڑا ہوں گا، کبھی بھی سپورٹ نہیں کروں گا (تالیاں) اور میں نے اپنے وزیروں کو بھی کہاہے کہ ایسے ویسے اپنے محکموں کو سپورٹ نہ کیا کرو، کبھی بھی نہ کرو، ٹھیک کام کریں تو سپورٹ کریں، کھڑے ہو جائیں۔ ٹھیک نہیں کریں تو ان کو پھر سزا بھی دو، ان سے پوچھو کیونکہ جو اپوزیشن بات کرے گی، اس میں کچھ نہ کچھ تو ہو گا۔ تو ہم آپ کو کہتے ہیں کہ ہم بالکل غلط لوگوں کو سپورٹ نہیں کریں گے کسی حالت میں بھی، چاہے کوئی خفا ہو، ہمیں اللہ تعالیٰ نے موقع دیا ہے، کوئی خفا ہوتا ہے کوئی خوش ہوتا ہے، ہم نے ٹھیک کام کرنا ہے۔ تو ہمیں کسی کی پرواہ نہیں ہونی چاہیئے، مجھے Through out میں اس میں دیکھتا رہا کہ کسی نے بھی، ہماری طرف سے بھی مجھے افسوس ہے کہ کسی نے کوئی زور ہی نہیں دیا کہ ہم نے آٹا چینی سستا کیا ہے تو یہ بہت بڑی بات تھی اور اتنی کم (رقم) بھی نہیں، اس میں تقریباً سات ارب روپے خرچ ہوں گے، کوئی کروڑوں کی بات نہیں ہے، سات ارب روپے ہم نے بجٹ سے نکال کر غریبوں کو دیئے۔ (تالیاں) وہیں غلطی ہو گئی کہ اپنی تنخواہیں بڑھادیں اور سارا کچھ خراب ہو گیا۔ اچھا دوسرا صنعتوں میں ہم نے لانگ ٹرم لون کا بندوبست کیا ہے، جو اچھے پراجیکٹس لیکر آتے ہیں، ان کو خیبر بینک سے لون ملے گا۔ کچھ یہ چیزیں پچھلے دور میں بھی چلتی رہیں لیکن ہم نے اس کو ختم نہیں کیا، ہم نے

اور فنڈز دیئے ان کو اور بڑھایا۔ تو اچھی سکیم اگر پچھلی گورنمنٹ نے کی ہے، ہم بالکل اس کو سپورٹ کریں گے جو عوام کا فائدہ ہے، ہم کبھی بھی نہیں کہیں گے کہ یہ پچھلی حکومت نے کی ہے، اس کو بند کر دو، کبھی بھی ایسا نہیں ہو گا، ہم نے Continue رکھی ہیں جو بہت اچھی سکیمیں ہیں، تو ہم وہ Continue رکھیں اور رکھتے رہیں گے۔ پھر پشاور میں ہم نے 'ماس ٹرانزٹ' کا پروگرام، میں نے اس دن بھی یہاں پر بیان کیا کہ ہم وقت کیوں لے رہے ہیں؟ وقت اس لئے لے رہے ہیں کہ ہم نے دیکھا ہے کہ پنجاب میں 'ماس ٹرانزٹ' پر چوبیس کلو میٹر، بیس کلو میٹر پر 35/30 ارب روپے لگتے ہیں، ہمارا صوبہ غریب صوبہ ہے، ہم اتنا Afford نہیں کر سکتے ہیں تو ہم نے دو پراجیکٹس پر سٹڈی کی ہے، ایک 'ریلوے ٹریک' ہے، ناصر پور سے حیات آباد اور ایک جو 'مین جی ٹی روڈ' جا رہا ہے حیات آباد، تو ہم اس پہ دیکھ رہے ہیں کہ خرچہ کس پہ کم ہو گا اور لوگوں کو سہولت کس میں ملے گی؟ ایک تو جو 'ریلوے ٹریک' ہے، ہماری بات چل رہی ہے ریلوے ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ، ان کے ساتھ ایگریمنٹ ہو جائے تو اگر وہ ایگریمنٹ ہو گیا تو اس 'ریلوے ٹریک' کے ساتھ ایکسٹرا زمین ہے، اس پر ہم بسز بسز کی لائن بنا کر حیات آباد تک لے جائیں گے، جو انہوں نے مجھے Estimate دیا ہے، آپ حیران ہوں گے کہ انہوں نے کہا آٹھ ارب میں ہو گا، آٹھ نہیں دس ارب میں ہو جائے، تو اگر دس ارب روپے میں ہم 34 کلو میٹر روڈ بنالیں اور یہ بسز چلالیں تو یہ بہت بڑا کارنامہ ہو گا کیونکہ میں نہیں چاہتا کہ ہم ایسا خرچ کریں جس سے کل پھر قرضے بڑھ جائیں اور ہم برداشت نہ کر سکیں اور ان دونوں میں سے ایک پراجیکٹ ان شاءاللہ تعالیٰ، میں اپوزیشن کے لیڈرز کو بریفنگ بھی دوں گا کہ ہم بیٹھ کر اس میں فیصلہ کریں کہ کونسا بہتر ہے اور لوگوں کیلئے کونسا روٹ جو ہے وہ آسان رہے گا؟ تو میرے خیال میں مہینے کے اندر اندر دونوں کی فزیبلٹی تقریباً تیار ہو چکی ہے، مجھے بریفنگ مل چکی ہے تو فائنل فزیبلٹی ان شاءاللہ جولائی میں آ ئیگی تو جولائی میں ان شاءاللہ فیصلہ کریں گے اور ایک نہ ایک روٹ پر پشاور کیلئے، پشاور نہیں ہم سب کیلئے کہ ہم سب ادھر رہتے ہیں، پھر پشاور کیلئے 29 ارب روپے کا کلین اینڈ گرین پشاور کیلئے ہم نے اس بجٹ میں رقم رکھی ہے، یہاں ایک مسئلہ ہے کہ پشاور میں صفائی کا بہت بڑا مسئلہ ہے، سینی ٹیشن کا مسئلہ ہے، صاف پانی کا کیونکہ یہاں پر جو اس میں سٹاف ہے، وہ تو نہ کام کرنے کو تیار ہے اور نہ کام کرنے کے لائق ہے کیونکہ وہ سارے سفارشی ہیں، وہ سفارشوں پر آئے ہیں، وہ سمجھتے ہیں کہ ہماری

بادشاہی ہے، ہم جو مرضی ہو، کریں۔ تو اس پشاور کو ہم نے کمپنی میں تبدیل کر دیا، یہاں اسمبلی سے ہم نے پاس کیا، اب وہاں ایک کمپنی بن گئی ہے، اس کا کام ہو گا کہ صفائی کو ٹھیکہ پر دے تو مجھے اس کمپنی کا جو ہیڈ ہے، نعیم، انہوں نے وعدہ کیا ہے کہ 15 ستمبر کو، 15 ستمبر کو پشاور کا جو صفائی کا ٹھیکہ ہے، اس کا Award ہو جائے گا اور 15 ستمبر کے بعد ان شاء اللہ پشاور کی صفائی میں آپ کو تبدیلی نظر آئیگی اور یہ ایک بہت بڑا کارنامہ ہو گا اور آپ جب لاہور جاتے ہیں، (تالیاں) یہ جب ہم لاہور جاتے ہیں، میں ہمیشہ کہتا ہوں، جب ہم لاہور جاتے ہیں، وہ صاف ستھرا ہے، وہ کیوں صاف ستھرا ہے؟ کہ انہوں نے سب کچھ Out source کیا ہوا ہے، سب کو ٹھیکہ پر دیا ہوا ہے تو تب جا کر شہر صاف ہو سکتے ہیں، تو یہ ایک سلسلہ ان شاء اللہ تعالیٰ ستمبر سے چل پڑے گا، پھر پشاور کی یہی کمپنی صاف ستھرا پانی کا وہ بھی کرے گی اور ساتھ سینی ٹیشن سسٹم بھی بہتر بنائیگی اور اس کو ہم نے جتنے یہ لوکل گورنمنٹ کے فنڈز ہیں، وہ سارے ان کو ٹرانسفر کر دیئے ہیں۔ اس میں پرائیویٹ لوگ اور ٹیکنکل آ گئے ہیں، ان کو باہر سے ہم نے لوگوں کو ہائر کیا ہے، تنخواہیں ہم اچھی دے رہے ہیں لیکن ان سے ان شاء اللہ تعالیٰ ریزلٹ بھی ہمیں اچھا ملے گا۔ پھر اس کے علاوہ ہم نے ایک نیا ایکسپریس وے ملاکنڈ کیلئے، اس کیلئے ہم نے اس سال زمین خریدنے کیلئے تقریباً دو ارب روپے رکھے ہیں تو (تالیاں) یہ جو سوات ایکسپریس وے ہے، یہ ایک بہت نیا Corridor کھلنے والا ہے کیونکہ موٹر وے جہاں کرنل شیر انٹر چینج سے لیکر ملاکنڈ چکدرہ، چکدرہ تک 84 کلومیٹر، 84 کلومیٹر موٹر وے کرنل شیر انٹر چینج صوابی سے چکدرہ تک 84 کلومیٹر، تو سمجھیں کہ 45/40 منٹ میں، آپ گھنٹے کے اندر ملاکنڈ جا سکتے ہیں۔ (تالیاں) تو اس کیلئے یہ نقشے تو بن گئے ہیں، اب اس سال ان شاء اللہ زمین خریدیں گے اور Different Companies سے میری بات ہو رہی ہے کہ کسی طریقے سے یہ کوئی آ کر اس میں انویسٹمنٹ کرے، BOT پر لے لیں۔ BOT یہ ہوتا ہے کہ Build Own and Transfer، مطلب ہے کوئی کمپنی آئیگی، اس کو بنائیگی، پیسہ وہ خرچ کرے گی، اس روڈ میں سے جو پٹرول پمپس یا کچھ بنائیں گے یا ٹیکس لگائیں گے، اس کی آمدن سے وہ اپنے پیسے لیں گے تو حکومت کا ایک پیسہ بھی خرچ نہیں ہو گا اور سارا پیسہ انویسٹر خرچ کرے گا۔ تو یہ سلسلہ ان شاء اللہ ہماری کوشش ہے کیونکہ اس پہ ہمیں 17/16 ارب روپے چاہیئے اس کو بنانے کیلئے، تو اس کیلئے بھی ہماری بات چل رہی ہے، اگر نہ ہوا تو پھر

ہم اپنے صوبے کے فنڈز سے ان شاءاللہ کریں گے کیونکہ یہ بہت ضروری ہے کیونکہ اگر آپ سوات جائیں تو تین گھنٹے لگ جاتے ہیں، تین سے بھی زیادہ اور راستے میں ٹریفک جام اور مسئلے، تو یہ ایک شارٹ روٹ ہے، ان شاءاللہ تعالیٰ یہ ہم بنائیں گے۔ دوسرا ایبٹ آباد بائی پاس، جب آپ نتھیا گلی جاتے ہیں، وہاں پر وہ سارا ٹریفک جام رہتا ہے، اس کیلئے ایبٹ آباد بائی پاس کیلئے پیسے رکھے ہوئے ہیں تو اس سال میں اس پر کام شروع کریں گے۔ پھر ہم نے ہر تحصیل میں ایک سپورٹس سٹیڈیم بنانے کا پروگرام بنایا ہے، پچھلے سال ہم نے کوشش کی کہ جلد از جلد زمین لی جائے لیکن اس میں کچھ محکمے کی سستی، کچھ ہماری طرف سے سستی، پیسے موجود اور ہم زمین نہیں لے سکے لیکن سات آٹھ، دس گراؤنڈز کی زمین ہمیں مل چکی ہے، کچھ گورنمنٹ کی Lands ہیں، وہ بھی ہم لے رہے ہیں، ان شاءاللہ یہ مہینہ ڈیڑھ کے اندر ابھی ہم نے پیسے بھی ریلیز کر دیئے ہیں، امجد اب اس پر کام کر رہا ہے تو اس سال کے اندر وہ زمینیں بھی لیں گے، تقریباً 76 سپورٹس گراؤنڈز ہیں اور ان 76 سپورٹس گراؤنڈز کے اوپر پورے سٹیڈیم بنیں گے۔ اس میں اس شہر کے مطابق ہر قسم کی Sports facilities ہوں گی، فنڈ ہم نے ان کو مہیا کر دیا ہے ان شاءاللہ تعالیٰ کیونکہ Young generation، آج کے نوجوانوں کیلئے Sports facilities ہونی چاہئیں۔ اس سال یہ سکیم چلے گی، اگر سال کے درمیان میں نے دیکھا کہ اس کی پراگرس اچھی ہے تو پھر ہمارا پروگرام ہے کہ حلقہ وائز ایک اور سپورٹس سٹیڈیم بنائیں تاکہ سارے حلقوں میں بھی ایک (تالیاں) تو ہمارا یہ پروگرام ہے کہ ہم کم سے کم 176 سپورٹس سٹیڈیم اس صوبے میں بنائیں دو تین سال میں اور صحیح سٹیڈیم ہوں، باؤنڈری وال ہو، سب کچھ اس میں موجود ہو۔ پھر اس کے بعد جو فارسٹ ہے، فارسٹ پر میرے ساتھ بہت زیادہ بحث مباحثے ہمارے ملاکنڈ کے بھائیوں اور ہزارے کے بھائیوں نے کئے ہیں، میں نے پابندی لگائی ہے کہ جو Wind fall ہے، اب آپ حیران ہوں گے کہ میں نے Generally ایک حساب کیا تو Wind fall کا جو انہوں نے مجھے دیا ہے، تقریباً 20 لاکھ فٹ یہ کہتے ہیں کہ Wind fall سے درخت کٹ گئے، میں نہیں مانتا، میں سمجھتا ہوں کہ دو پرسنٹ ہو سکتا ہے 20 لاکھ کے، لیکن 20 لاکھ نہیں ہو سکتے۔ تو کوئی مجھے اس پر Convince نہیں کر سکتا کہ یہ سب صحیح Wind fall ہے اور یہ Green trees کو نہیں کاٹا گیا۔ میری میٹنگ چل رہی ہے ان کے ساتھ لیکن جب تک میں Convince نہیں ہوں گا، کسی صورت میں

میں اپنے جنگل کی کٹائی نہیں کرنے دوں گا (تالیاں) کیونکہ میں نے پہلے بھی Explain کیا ہے کہ اگر ہم اس درخت کو نہ بھی کاٹیں تو دنیا میں ریڈ پلس ایک سسٹم ہے، ان کو ابھی ہم Already apply کر چکے ہیں اور اس پر میں نے حساب کیا تو اگر یہ درخت، کٹے ہوئے درخت سال میں ہمیں 50/40 کروڑ ملتے ہیں اور بغیر، ﷲ نو م ئے د یے ؟ بنہ ، بغیر درخت کاٹے اگر ہم دنیا کو اپنا ریکارڈ دے دیں کہ اتنے درخت ہمارے پاس ہیں تو اس کے بدلے ہمیں، میں نے جو حساب کیا ہے، کوئی ڈھائی ارب روپے ہمیں مل سکتے ہیں جہاں کے درخت کاٹ کر اب 50 کروڑ دے رہے ہیں۔ (تالیاں) تو اس پر بھی ہم نے ان کو Apply کر دیا ہے، ان شاء اللہ تعالیٰ ہماری کوشش ہوگی کہ یہ ہمیں اس کا اپنا حصہ ملنا شروع ہو جائے تو وہ پیسے گورنمنٹ کی جیب میں نہیں جائیں گے، انہی مالکان کو دیں گے جن کا اس میں جتنا حصہ بنتا ہے تو ان کو زیادہ فائدہ اس سے پہنچ سکتا ہے کیونکہ درخت کاٹنا میرے خیال میں یہ بہت ظلم ہے اور ناجائز ہے کیونکہ یہ تب ہی یہ ماحول بہتر ہو سکتا ہے، موسم میں تبدیلی آسکتی ہے، فلڈ میں کمی آسکتی ہے۔ جتنے درخت کاٹو گے، اتنا ہی نقصان اٹھاؤ گے، اتنا ہی نقصان اٹھاؤ گے، اتنے ہی سیلاب آئیں گے، اتنا ہی ماحول خراب ہوگا، تو ان چیزوں کو بھی دیکھنا پڑے گا۔ پھر یہاں پر ہماری ایک ٹیکنکل ایجوکیشن ہے، میں نے چیک کیا کہ ٹیکنکل ایجوکیشن کی ڈگریوں کا کوئی فائدہ ہے کہ نہیں؟ یقین کریں کہ ہم ہر سال تین ارب روپے ٹیکنکل ایجوکیشن پہ خرچ کرتے ہیں تنخواہیں ساری ملا کر، پانچ ہزار بچے ہم Train کرتے ہیں، جہاں پر ہمارے پاس 20 ہزار کی گنجائش ہے۔ ان کی، جو میں نے معلوم کیا کہ یہ کیا ٹریننگ ہے؟ تو پتہ چلا کہ 95/96 پرسنٹ تو کتابیں پڑھاتے ہیں، دو تین پرسنٹ کہیں مشکل سے کسی سنٹر میں کوئی ٹریننگ کرتے ہوں گے۔ تو اب سوچیں، میں ٹیکنکل آدمی بننا چاہتا ہوں اور میں کتابوں سے کس طرح ٹیکنکل بن سکتا ہوں، میں اگر کارپینٹر بننا چاہتا ہوں تو کیا کتابیں پڑھ کر میں کارپینٹر بن سکتا ہوں، کیا کتابیں پڑھ کر میں موٹر میکینک بن سکتا ہوں، کیا کتابیں پڑھ کے میں ٹی وی اور ریڈیو ٹھیک کر سکتا ہوں؟ تو مجھے بہت پریشانی تھی کیونکہ اس صوبے کا مسئلہ یہی ہے کہ جب تک ہمارے پاس ٹیکنکل ٹرینڈ لوگ نہیں ہوں گے، ہماری بیروزگاری کم نہیں ہوگی کیونکہ جتنی یہاں پر اسلام آباد میں ڈیمانڈز آتی ہیں اوورسیز سے، میری اسلام آباد میں دو تین ہیڈز سے میٹنگ ہوئی تو انہوں نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کی ڈیمانڈ Middle East Countries میں، سعودی میں بہت زیادہ ہے اور سب سے

زیادہ پٹھانوں کی ڈیمانڈ ہے لیکن جب ہم ادھر آتے ہیں تو ہمیں ٹرینڈ لوگ نہیں ملتے، وہ 'ان ٹرینڈ' ہوتے ہیں تو مجبوراً ہمیں بنگلہ دیش جانا پڑتا ہے، ہمیں انڈیا جانا پڑتا ہے، ہمیں پنجاب جانا پڑتا ہے کیونکہ آپ لوگ صحیح ٹرینڈ لوگ تو پیدا ہی نہیں کر رہے ہیں۔ جعلی ڈگریاں دے کر ہم ان لوگوں کو کیا کریں؟ جب ان کا ٹیسٹ لیتے ہیں، ان کو کوئی سمجھ نہیں ہے، کتاب سے کوئی ٹریننگ نہیں ہو سکتی۔ تو یہ محکمہ ہم نے Devolve کر کے TEVTA کر دیا جو 2002 میں ایکٹ پاس ہوا تھا جس پر عمل ہونا چاہیئے تھا، آج سے گیارہ سال پہلے اس پر عمل نہیں ہوا، وہ ہم نے اس میں Industrialist professionals سب لا کے ان کے حوالے کر دیا، سارے فنڈز جو ہیں ان کو ٹرانسفر کر دیئے ہیں اور ان سے میں یہ گارنٹی چاہتا ہوں، Already میں ان سے میٹنگ کر چکا ہوں کہ مجھے وہ ٹیکنکل کی ڈگری جو ہے وہ Internationally recognized ہونی چاہیئے، اگر وہ Internationally recognized نہیں ہو گی تو مجھے آپ کی جو کمپنی ہے، مجھے پھر اس کی ضرورت نہیں ہے، تو یہ تقریباً مہینہ ہوا ہے کہ ہم نے یہ اس کو Devolve کر کے TEVTA بنا دیا ہے اور اس پر ان شاءاللہ وہ کام جاری ہے تو مہینے تک اس پر Full-fledged training، اگر ہفتے میں چھ دن ہیں تو تین دن وہ کتابی ٹریننگ کرے گا اور تین دن اگر مکینک بننا چاہتا ہے تو وہ شاپ میں جا کر کام کرے گا، اگر وہ ریڈیو مکینک بننا چاہتا ہے، ٹی وی، تو وہاں کام کرے گا۔ انڈسٹری کی اگر ٹریننگ کرتا ہے تو انڈسٹری میں کرے گا، تو 50 پرسنٹ اس کو پریکٹیکل ٹریننگ ملے گی تاکہ وہ جب ٹیسٹ دے گا تو اس کو کچھ سمجھ بھی ہو گی کہ میں کیا کر رہا ہوں؟ تو اس کیلئے آپ کو یقین دلاتا ہوں۔ ساتھ ساتھ میں نے اس دن یہ امن فاؤنڈیشن والے آئے تھے، ان سے بھی میری بات ہوئی کہ آپ ہمارا کوئی ٹیکنکل سنٹر لے لیں تاکہ اس کو اس لیول پر لے آئیں کہ اس کو ہم follow کریں۔ اس طرح مول کمپنی سے میری بات ہو رہی ہے کہ کرک اور ادھر کے جو ٹیکنکل سنٹرز ہیں، آپ لے لیں، لوگوں کو اپنے لئے Train کریں، آپ کیلئے بھی استعمال ہوں گے اور باہر۔۔۔۔۔

(عصر کی اذان)

جناب وزیر اعلیٰ: سپیکر صاحب! یو دس پندرہ منٹ اخلم۔ اس کے علاوہ اس صوبے میں، ابھی ہم نے اس بجٹ میں بھی ڈالا ہے کہ ہم ایک ٹیکنکل یونیورسٹی بنا رہے ہیں تو ٹیکنکل یونیورسٹی میں نے

بہت لوگوں سے ڈسکس کی ہے تو سب یہ کہتے ہیں کہ یہ Job seeker نہیں ہو گی بلکہ Job giver ہو گی کیونکہ یہ پاکستان کی سب سے پہلی ٹیکنکل یونیورسٹی ہو گی جو خود Jobs پیدا کرے گی اور ان شاءاللہ تعالیٰ اس کے بہتر نتائج آئیں گے۔ ساتھ ساتھ ہم نے یہاں پر ہمیشہ بات ہوئی کہ عمران خان نے تین سو پچاس ڈیمز کا اعلان کیا ہے۔ وہ عمران خان نے جو اعلان کیا تھا، وہ تین سو پچاس چھوٹے پن بجلی گھروں کا تھا جو ہزارہ اور ملاکنڈ ڈویژن میں تین سو پچاس چھوٹے پراجیکٹس جہاں پر ندیاں ہیں، جہاں پر پانی بہہ رہا ہے، اس پر چھوٹے چھوٹے پراجیکٹس ہم بنا رہے ہیں۔ اس کیلئے ہم نے سات ارب روپے رکھے ہیں، وہ Already اس کو ایڈورٹائز کر چکے ہیں۔ جو کمپنیز آئیں گی، جو بھی آئے گا Competition میں ہم ان کو دیں گے۔ بجلی، پیسہ گورنمنٹ خرچ کرے گی، پھر وہ کمیونٹی کو ملے گا، وہ کمیونٹی پھر اس کا خیال کرے گی۔ اس کا ہم نے حساب کیا، اگر دس روپے کی بجلی ہمیں ملتی ہے تو ان کو آدھی قیمت پر وہ بجلی Provide ہو گی تو یہ ایک بہت بڑا ان علاقوں میں جہاں پانی بھی ہے اور جہاں بجلی نہیں ہے پہاڑوں میں تو اس کیلئے یہ پراجیکٹس، تین سو پچاس ہم نے اس سال انہوں نے Choose کئے ہیں، باقی آپ لوگوں کی کوئی Recommendation آتی ہے کہ بھئی! ہمارے علاقے میں یہ ضرورت ہے تو ان شاءاللہ اس کو ہم Consider کریں گے اور یہ سکیم ہم جب تک ہم ہوں گے ان شاءاللہ اس سکیم کو آگے چلاتے جائیں گے۔ ساتھ ساتھ اس دفعہ ہم نے ایک ہیلتھ انشورنس سکیم شروع کی ہے، وہ ہیلتھ انشورنس اس لئے کہ جو غریب لوگ ہیں، مجھے پتہ ہے کہ وہ نہ آپریشن کے پیسے دے سکتے ہیں، نہ ڈاکٹر نہ دوائی تو ہم ان لوگوں کی، جو بیمار ہوں گے، جو ایسی بیماری ہو گی جس کا علاج وہ اپنی جیب سے نہیں کر سکتے ہیں، ان کی انشورنس کریں گے اور انشورنس کے Through ان کا علاج ہو گا۔ تو اس سال سے یہ سکیم ہم شروع کر رہے ہیں۔ پھر پرانا ہمارا یہ پروگرام چل رہا تھا اقراء فری تعلیم ووچر سکیم، اس میں ہم نے پیسے بھی بڑھائے اور اس کو Continue رکھا ہے، 'ستوری د پختونخوا' کو بھی ہم نے Continue رکھا ہے۔ پھر باقی جنرل جو باتیں ہیں، ہم نے شروع میں کہا تھا کہ ہماری حکومت میں Zero tolerance for corruption، یہ میں نہیں کہتا کہ سب کچھ صاف ہو گیا ہے اور بس شکر الحمدللہ کوئی کرپشن نہیں ہے لیکن کوشش ہماری جاری ہے کہ کرپشن کو ہم ختم کر سکیں لیکن اس میں ہم کتنی حد تک کامیاب ہوئے ہیں؟ یہ آپ پر منحصر ہے۔ اگر آپ اپنے حلقوں میں اپنے علاقوں میں کوشش

کریں کہ ترقیاتی کام ہو،اس میں کمیشن نہ لیں اور آپ اپنا کام ٹھیکیدار سے صحیح لیں،ان پہ نظر رکھیں تو سوال ہی نہیں پیدا ہوتا کہ غلط کام ہو کیونکہ ہم نے ریٹس بھی اچھے کر دیئے ہیں وہ جو 30 پرسنٹ Below جاتے تھے، وہ بھی ختم کر دیا، 10 پرسنٹ Below پر لے آئے ہیں تو یہ ہم سب کا فرض ہے کہ اپنے کاموں پہ چیک رکھیں تاکہ کام کوالٹی کے ہوں اور اس میں کمی، میں اعلاناً ہر تقریر میں کہتا ہوں کہ بھئی! کمیشن نہ لو، ہر جگہ میں کہتا ہوں کہ لینے والا دینے والا دونوں جہنمی ہیں تو آپ کوشش کریں کہ نہ کوئی کمیشن دے اور نہ کوئی کمیشن لے تو باقی محکموں میں بھی ہم نے سختی سے یہ جو رشوت ہے، یہ زہر جو ہے اس صوبے میں، اس ملک میں، اس کیلئے ہم کافی سختی کر رہے ہیں۔ پولیس میں بھی آپ دیکھ رہے ہیں، Dismissals ہو رہی ہیں، پٹواری کی بھی Dismissal ہو رہی ہیے، جیل میں جا رہے ہیں، ایجوکیشن میں بھی ہو رہا ہے، ہیلتھ میں بھی ہو رہا ہے تو ہماری کوششیں جاری ہیں اور اس پر ہمارے پاس کوئی گنجائش نہیں ہے کہ ہم کسی کو معاف کر سکیں کیونکہ یہ ہم نے عوام سے وعدہ کیا تھا کہ نہ ہم کرپشن کریں گے اور نہ کسی اور کو کرپشن کرنے دیں گے۔ (تالیاں) تو اس سے بڑی کیا بات ہے کہ ہماری یہ ساری کابینہ، سارے بیٹھے ہیں، ان شاءاللہ تعالیٰ مجھے فخر ہے کہ نہ نوکری پیسے پہ بکی، نہ کوئی ٹھیکہ کمیشن پہ بکا ہے اور نہ کوئی ٹرانسفر پر پیسے ہوئی تو یہ سب سے پہلے تبدیلی تو اپنے گھر سے ہم نے شروع کی ہے، باقی صوبے میں بھی کریں گے۔ پھر ساتھ ساتھ تعلیم میں ہماری سب سے اولین ترجیح جو ہے نا، وہ تعلیم اور صحت ہے۔ سب سے پہلے تو ہم نے، اپنا بجٹ دیکھیں تو ایک سو گیارہ ارب روپے جو ٹیکنکل ایجوکیشن ہے، ہائر ایجوکیشن ہے، پرائمری ایجوکیشن، ان تینوں کا ملا کر ہم نے ایک سو گیارہ ارب روپے اس بجٹ کے تعلیم کو دیئے ہیں جو 33.16% بجٹ کا حصہ بنتے ہیں اور جو تقریباً 27.47% حصہ ہم تعلیم کو دے رہے ہیں اور وہ بھی تعلیم میں تنخواہیں ہٹا کر۔ ہم نے اس دفعہ فیصلہ کیا ہے جو عام سکول اور اپ گریڈیشن ہے، وہ تو بنیں گے لیکن باقی سارا پیسہ سکولوں کے اندر لگے گا، تقریباً تین ارب روپے، تین ارب روپے ہم نے فرنیچر کیلئے رکھا ہے کہ اس سے فرنیچر پورا کریں اور بھی Different organizations ہیں جن سے میری بات چل رہی ہے کہ ہم فرنیچر کیلئے ان سے پیسے لیں۔ یہاں پر ایک این جی او تھی، وہ ہمیں گلیاں، نالیاں بنا کر دیتی تھی، کوم یو وو؟ ہاں RAHA، میں نے دیکھا RAHA والوں سے میری میٹنگ تھی، انہوں نے بڑی مجھے Explanation کی کہ ہم یہ کر رہے ہیں۔

میں نے کہا نالیاں ہم بھی بنا رہے ہیں، تم بھی بنا رہے ہو، ہینڈ پمپس ہم بھی بنا رہے ہیں تم بھی بنا رہے ہو تو کونسا بڑا کارنامہ ہے؟ تو میں نے ان کو روک دیا ہے کہ بس یہ فنڈ مجھے گلی نالیوں میں نہیں چاہیئے کیونکہ مجھے پتہ ہے ان فنڈز کے ساتھ کیا ہوتا ہے؟ آدھے کھانے پینے پہ چلے جاتے ہیں، آدھے گاڑیوں میں چلے جاتے ہیں، آدھے ہوا میں چلے جاتے ہیں، میدان پہ آدھا پیسہ بھی مشکل سے آتا ہے۔ تو ان کو میں نے Divert کر دیا کہ ایک ارب روپے وہ ایجوکیشن کو دیں گے، سکولوں میں جو Missing facilities ہیں، ایک ارب روپے، میں نے ان کو کہا ہے کہ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کو دیں، ان کے پاس 2.80 بلین تھے، دو ارب 80 کروڑ روپے اور 80 کروڑ میں نے کہا ہے کہ پبلک ہیلتھ کو دے دیں تاکہ پبلک ہیلتھ میں کام ہو۔ تو یہ تین ہیڈز پر وہ پیسے میں نے ٹرانسفر کر دیئے ہیں تاکہ ہمیں پتہ ہو کہ کونسا کام ہو رہا ہے کیونکہ Practically آپ سب بھی جانتے ہیں، میں بھی جانتا ہوں کہ این جی اوز کیا کر رہی ہیں۔ آدھے، ایک عام آدمی این جی او بناتا ہے، وہ پھر اس کے بنگلے بھی دیکھ رہے ہیں، ہم ان کی گاڑیاں بھی دیکھ رہے ہیں اور وہ مزے بھی دیکھ رہے ہیں تو یہ ہمارا پیسہ ہمارے اوپر لگنے کیلئے آیا ہے، یہ کسی کے مزے کیلئے نہیں ہے، اسی وجہ سے یہ پیسہ میں نے ان کو ٹرانسفر کر دیا ہے۔ ساتھ ساتھ سکولوں میں، آپ کو پتہ ہے کہ اساتذہ کی، ٹیچرز کی حاضری کا کیا حال ہے، وہاں پر تعلیم کیسی ہے؟ تو سب سے پہلے ہم نے وعدہ کیا تھا کہ یکساں نظام تعلیم لائیں گے جو پچھلی اسمبلی میں، الیکشن میں بھی اور اسمبلی میں میں نے تقریر کی تھی، وہ یکساں تعلیمی نظام کلاس ون سے شروع ہو چکا ہے کیونکہ کلاس ون میں تو اور کچھ نہیں صرف انگلش کی ہی بکس لینا پڑیں گی، وہ کام شروع کر دیا ہے۔ ساتھ ساتھ لوگ کہتے ہیں کہ ٹیچرز کہاں سے آئیں گے؟ ٹیچرز کی ٹریننگ بھی ہو چکی ہے، اب کلاس ون کیلئے کونسی اتنی بڑی ٹریننگ ہے، ایک آدمی نے میٹرک بھی کیا ہو تو A,B,C اور یہ پڑھا سکتا ہے تو کلاس ون کے ٹیچرز کی ٹریننگ ہو چکی ہے۔ اگلے سال جب Two میں جائیں گے، اس طرح ہوتے ہوتے آگے جائیں گے تو یہ سلسلہ چل پڑا ہے اور ان شاءاللہ تعالی یہ تعلیم اگر غریب اور امیر کی ایک ہو، جیسے اس دن عاطف نے کہا کہ ہم سے کوئی کہتا ہے پشتو میں کر دو، کوئی کہتا ہے اردو میں، اپنے بچوں کیلئے نہیں غریبوں کیلئے، وہ ان کیلئے فیصلے کرو، ان کو تباہ و برباد کرو لیکن اپنے بچوں کیلئے نہیں۔ کوئی اپنے بچے کو سرکاری سکول میں نہیں ڈالتا اور کہتا ہے اس کو پشتو میں کر دو، کہتا ہے اردو میں کر دو، میں کہتا ہوں جب یونیورسٹی اور کالج میں انگلش ہے، جب

پرائیویٹ سکولوں میں انگلش ہے، جو سرمایہ داروں کے بچے انگلش میں پڑھتے ہیں، ہمارے بچے انگلش میں پڑھتے ہیں تو ان غریبوں کا کیا قصور کہ وہ اردو میں پڑھیں، کیوں وہ اردو میں پڑھیں گے؟ کیونکہ ظلم یہ ہے نا کہ کالج یونیورسٹی میں جاتے ہیں، میں اپنی مثال دیتا ہوں، میرے سارے بھائی لاہور میں پڑھتے تھے، مجھے میری والدہ نے نہیں چھوڑا، میں کلاس فور تک گاؤں میں پڑھتا رہا، گاؤں کے سکول جاتا رہا، مجھے ٹیوشن ملتی رہی، یقین جانیں کہ میں کس طرح بی اے تک پہنچا ہوں؟ میری بنیاد میں بہت فرق تھا۔ میں اپنے کالج میں، ایچی سن میں، میں ان سے مقابلہ نہیں کر سکتا تھا کیونکہ میری بنیاد انگریزی کی نہیں تھی، وہ انگریزی میں پڑھتے تھے تو میں Class 5th میں مقابلہ نہیں کر سکتا تھا تو آگے کیا کرتا؟ تو بڑی مشکل سے میں نے اپنی تعلیم محنت کر کے میں نے آگے یہ ڈگری حاصل کی۔ میرے اوپر گزری ہے کہ میں چار کلاس اردو میں پڑھتا رہا تو میں ان کا مقابلہ نہیں کر سکتا تھا اور جو دس کلاس تک پڑھیں گے، وہ خاک ان کا مقابلہ کریں گے؟ تو یہ بہت ضروری ہے کہ اس صوبے میں یہ تبدیلی ہم لے کر آئیں اور اس کا ریزلٹ آج نہیں ہو گا۔ آئندہ جو بھی حکومت ہو گی، میری ریکویسٹ ہو گی کہ وہ اس کو جاری رکھے کیونکہ دس سال کے بعد جب یہ بچے سکول اور کالج جائیں گے تو اس صوبے میں انقلاب آئے گا۔ یہ غریب کے بچے بھی ان شاء اللہ اس صوبے میں ڈاکٹر، انجینئر اور حکمران بنیں گے، ان کا کیا قصور ہے کہ آج اگر آپ سارے صوبے میں دیکھیں تو سرمایہ داروں کے بچے ڈاکٹر، انجینئرز ہیں، سرمایہ دار کے بچے آج کمشنر اور ڈی آئی جی اور بڑے بڑے افسر ہیں تو غریب کا کوئی حصہ نہیں ہے اس ملک میں، یہی ایک بنیاد ہے جو ہم تبدیل کرنا چاہتے ہیں تاکہ وہ بھی مقابلے میں آئیں اور اس ملک کے حکمران بن سکیں۔ (تالیاں) اس طرح بہت ساری چیزیں، میں تفصیل میں نہیں جاتا کہ ایجوکیشن میں ہم نے کیا کیا ہے؟ یہ ایک دو ہمارے جو ہم نے Initiative لیے ہیں، میرے خیال میں بجٹ کے ساتھ آپ کو یہ مل چکے ہوں گے۔ تو ملے ہیں آپ لوگوں کو؟ اس میں آپ دیکھ لیں کہ ہم نے کیا کیا Initiatives لیے ہیں اور اس میں ہمیں آپ لوگوں کا تعاون بھی چاہیئے اور جہاں کہیں ہم سے غلطی ہوئی، پلیز ہمیں کوئی تجاویز دینا چاہتے ہیں، مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ میں نے یہ ساری بجٹ سپیچز دیکھیں لیکن تجویز کسی نے نہیں دی، پلیز تجویز تو دیا کرو نا یار، کوئی اپنے حلقے کا شروع ہو جاتا ہے، کوئی اپنے حلقے کا، کوئی اپنے حلقے کا، میں بجٹ پہ بات کر رہا ہوں اور شروع ہو جاؤں پی کے 13، تو یہ ناانصافی ہے

کیونکہ اس بجٹ میں جو غلطیاں تھیں، آپ کو اس کے پوائنٹس بتانے چاہئے تھے، آپ ہمیں تجاویز دیتے، کوئی بہتر چیز آتی، ہم اس کرسی پہ اس لئے نہیں بیٹھے ہیں کہ آپ اچھی بات کریں گے اور ہم کہیں گے کہ ہم نہیں مانتے، بالکل اچھی بات کریں گے تو ہم اس کو سپورٹ کریں گے۔ ہمیں آپ کی مدد، سب کی مدد، ادھر سے بھی سب کی مدد چاہیئے کہ ہمیں اچھی باتیں بتائیں، ہم میں سو غلطیاں بھی ہوں گی کہ ہم اپنی غلطیوں کو ٹھیک کر سکیں۔ پھر اس کے بعد صحت ہے، سب سے پہلے تو جب میں نے شروع میں بات کی تھی تو میں نے کہا کہ وہ کیا ہسپتال ٹھیک ہو گا جس میں گندگی ہو گی؟ میرے خیال میں تھوڑی بہت گندگی صفائی میں کوئی فرق آیا ہے لیکن شہرام کو میں روز ڈانٹتا رہتا ہوں، میرا چھوٹا بھائی ہے، اس کو میں کہتا ہوں، ابھی تک کچھ بھی نہیں ٹھیک، میری بالکل تسلی نہیں ہے ابھی ہیلتھ سے، ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ ابھی تک وہیں کا وہیں ہے۔ ڈاکٹرز اپنی ڈیوٹی صحیح نہیں کرتے ہیں ہسپتالوں میں، دوائی پوری نہیں ہے، ہسپتالوں میں وہ صفائی نہیں ہے جو ہم چاہتے ہیں، ہسپتالوں میں ڈاکٹرز صحیح Treat نہیں کر رہے ہیں لوگوں کو، میں کل بھی ایک ہسپتال گیا، لوگ رو رہے تھے کہ ہمیں یہاں سے، کئی دوائیاں وہ چٹ لاتے ہیں اور وہ دوائیاں فری ہوتی ہیں لیکن پتہ نہیں کیوں ڈاکٹر وہ چٹ لکھتے ہیں؟ جا کے باہر سے لے آؤ، موجود ہیں، سٹورز میں موجود تھے لیکن سسٹم نہیں ہے۔ جب تک یہ سسٹم نہیں بنے گا اور کسی سے پوچھ گچھ نہیں ہو گی تو یہ چیز نہیں چلے گی۔ شور مچانے سے، ہمارے کہنے سے نہیں ہو گا تو میں اپنے ہیلتھ منسٹر کو ریکویسٹ کرتا ہوں کہ پلیز جلد از جلد، اس کو میں نے کئی چیزیں رکھی ہیں کہ اس کو جلد از جلد کرو کہ مہینے کے اندر اندر، میں اب اور انتظار نہیں کر سکتا۔ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کو ٹھیک ہونا پڑے گا، اس کے سوا کوئی ہمارے پاس راستہ نہیں ہے۔ پھر ساتھ ساتھ ہم نے ابھی ڈسٹرکٹ ہاسپٹلز جو ہیں، ان کو ہم Autonomous کر رہے ہیں، ان کو خود مختار کر رہے ہیں کیونکہ جس ڈسٹرکٹ میں جاؤ وہاں ڈاکٹر نہیں ہے، تو ہم ان کو اختیارات دے رہے ہیں کہ وہ خود ڈاکٹر بھی بھرتی کریں تاکہ ہاسپٹل میں جو کمی ہو اور ان کو یہ بھی اختیار ہو گا کہ دوائیاں بھی خود خرید سکیں، ان کو اپنا بجٹ دیں گے تو وہ اپنا کام خود کریں گے۔ تو اس پہ بھی ان شاءاللہ۔۔۔۔۔

(قطع کلامی)

<u>جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت و انفارمیشن ٹیکنالوجی)}</u>: لاء تیار ہے۔

جناب وزیر اعلیٰ: لاء تیار ہے۔۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب وزیر اعلیٰ: نہیں لاء ہے، شوکت سے پوچھ لو، لاء ہے Already۔ یہ بھی ہم اسمبلی میں لا رہے ہیں تاکہ یہ اختیارات۔ ساتھ ساتھ اب ہسپتالوں میں مسئلہ ہے کہ ہم چاہتے ہیں کہ ایڈمنسٹریشن اور ڈاکٹرز یہ الگ ہو جائیں کیونکہ جتنے پرائیویٹ ہاسپٹلز میں جاؤ، اپنی الگ ایڈمنسٹریشن ہے اور ایم ایس اپنا کام کر رہا ہے اور ایڈمنسٹریٹر اپنا کرتا ہے تو یہ بھی ہم ان شاءاللہ تعالیٰ آج، سال پہلے ہونا چاہیئے تھا، تو یہ بھی ان شاءاللہ اسی مہینے کے اندر اندر ہم اس کو پاس کر کے اس کو Separate کریں گے کیونکہ اگر ڈاکٹر، ایم ایس بھی ڈاکٹر ہے اور اس کا چیف ایگزیکیٹو وہ بھی ڈاکٹر ہے، وہ ایک دوسرے کا خیال کرتے ہیں اس لئے نہ صفائی ہے، نہ علاج ہے، نہ ڈاکٹر نہ دوائی ہے، جب تک یہ الگ ہوں گے تو ایک دوسرے سے پوچھیں گے، ان شاءاللہ فرق نظر آئے گا جیسے پرائیویٹ ہاسپٹلز میں، دوسری ہماری بدقسمتی کہ جب ہم آئے ہیں تو ہمارے ہاسپٹلز میں تقریباً تیرہ چودہ سو ڈاکٹرز کی کمی تھی، ہمیں پریشانی تھی کہ ڈاکٹرز گئے کدھر؟ پتہ چلا کہ دوڈھائی سو ڈاکٹر تو ملک سے باہر بیٹھے ہوئے ہیں، پانچ پانچ سال، دس دس سال سے بیٹھے ہوئے ہیں، تنخواہیں لے رہے ہیں اور یہاں پر غریب رل رہا ہے، تو سب سے پہلے تو ہم نے آرڈر کیا اور دوڈھائی سو ڈاکٹرز ہم نے فارغ کر دیئے، گھر بھیج دیئے اور ان کی جگہ ڈھائی سو ڈاکٹر اور بھرتی ہوئے۔ اس کے علاوہ کچھ ایسے ڈاکٹرز تھے جن سے کبھی کسی نے پوچھا نہیں تھا، اس صوبے کے اندر تھے، اپنی مرضی سے ڈبل پوسٹنگ کی ہوئی تھی، کوئی کام ادھر کر رہا ہے، تنخواہ ادھر سے لے رہا ہے، وہ بھی تقریباً سو دو سو ڈاکٹرز تھے، ان کو بھی فارغ کر کے ان کی جگہ نئی بھرتی کر لی ہے۔ اب پھر ہمیں معلوم ہوا کہ ہمارے پاس پھر بھی چھ سات سو، آٹھ سو ڈاکٹرز کی کمی ہے، ہم ڈھونڈتے رہے کہ کدھر گئے کدھر ڈاکٹرز؟ ہم نے اے جی آفس سے سارا ریکارڈ نکالا، پتہ چلا کہ ہر سال ہمارے پاس بجٹ میں پیسہ ہے لیکن ڈاکٹرز نہیں ہیں، وجہ معلوم کی تو پتہ چلا کہ گریڈ 17 کے جو ڈاکٹرز ہیں، وہ اپنی پروموشن نہیں لینا چاہتے ہیں، اپنی اے سی آر نہیں لا رہے ہیں کیونکہ اگر ان کی ترقی ہو جاتی ہے تو ان کی دکانداری ختم ہو جاتی ہے، انہوں نے ہر جگہ کلینکس کھولے ہوئے ہیں، جب سترہ سے اٹھارہ میں جائیں گے، ان کی ٹرانسفر ہو جائے گی۔ تو انہوں نے انکار کر دیا اے سی آر لانے سے، آٹھ مہینے نوٹسز ہم دیتے رہے، کچھ بھی نہیں ہوا

لیکن آخری ہم نے بس فائنل نوٹس دے دیا کہ جو اے سی آر نہیں لائے گا، وہ گھر جائے، اور ہمارے پاس گنجائش نہیں ہے۔ تو تقریباً ساڑھے چار سو ڈاکٹرز کی اے سی آر آ چکی ہیں (تالیاں) اور وہ میرا خیال ہے کہ سمری میرے پاس ہے، اس سے پہلے 57 ڈاکٹرز کی آئی تھیں، وہ میں نے دستخط کر دیں، اس پہ ابھی بھرتی ہوں گے اور تقریباً چار ساڑھے چار سو اور آ گئی ہیں تو یہ بھی ان شاء اللہ تعالیٰ اس مہینے یا اگلے مہینے میں بھرتی ہو جائیں گے۔ تو ہمارے ہسپتال میں ڈاکٹرز کی جو کمی ہے، وہ کچھ حد تک پوری کریں گے پھر ہم پورا چیک کریں گے کہ ہر ہاسپٹل میں سینکشن پوسٹ کے مطابق ڈاکٹر وہاں ہونا چاہیئے۔ تو افسوس یہ ہوتا ہے کہ آج تک کسی نے، افسوس یہ بھی ہوتا ہے کہ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ سے پوچھا ہم نے کہ آپ کے پاس ڈاکٹروں کی کوئی لسٹ، اس کے اوپر ریکارڈ ہی کوئی نہیں، یہ عجیب صوبہ ہے، عجیب ملک ہے کہ کسی کے پاس کسی چیز کا ریکارڈ نہیں ہے، نہ ہسپتال کی مشینری کا ریکارڈ ہے، نہ ڈاکٹر ہے، نہ فرنیچر کا ریکارڈ ہے، بس کچھ ہے ہی نہیں، بس اندھیر نگری چلتی رہی، کسی نے پوچھا تو وہ سب کچھ ہم کمپیوٹرائز کر رہے ہیں، سب کچھ کو ہم ریکارڈ پہ لا رہے ہیں۔ اس طرح سکولوں کا بھی یہی حال تھا، کسی کو ٹیچرز کا نہیں پتہ، کسی کو سکولز کا نہیں پتہ، وہ ہم نے سارا ریکارڈ بنا لیا، پوری اس کی مانیٹرنگ ہو رہی ہے تو اسی طرح سکول میں ہم نے مانیٹرنگ سسٹم بنایا کہ وہ مانیٹرز جو ہیں، وہ جا رہے ہیں، سکولوں میں چیک کر رہے ہیں۔ اب بڑی مشکل سے سکول میں کوئی ٹیچر غیر حاضر ہو گا کیونکہ پندرہ دن کے بعد رپورٹس آ رہی ہیں، ان رپورٹس کے مطابق وہ ٹیچرز جو سکولوں میں نہیں جائیں گے، ان کو گھر جانا پڑے گا۔ اسی طرح ہیلتھ میں بھی ہم مانیٹرنگ سسٹم لا رہے ہیں اور تھرو این ٹی ایس ان لوگوں کو بھرتی کریں گے، سفارش پر نہیں، ایجوکیشن میں تھرو این ٹی ایس بھرتی ہوئے ہیں اور ہیلتھ میں بھی ان شاء اللہ تعالیٰ کچھ دنوں میں ایڈورٹائز ہو جائیں اور وہ مانیٹرز ہسپتالوں کو چیک کریں گے، ڈاکٹرز کو چیک کریں، ٹیکنیشنز کو کہ وہ حاضر ہیں کہ نہیں حاضر؟ کیونکہ آپ ہسپتالوں میں جاتے ہیں اور پتہ ہی نہیں چلتا کہ ڈاکٹر ہے کہ نہیں؟ پھر ساتھ ساتھ میں نے ہیلتھ منسٹر کو کہا ہے کہ ان کیلئے ڈریس بھی کہ وہ ڈریس پہنتے ہوں، ان کا کوئی بیج لگا ہو کہ یہ ڈاکٹر ہے، یہ نرس ہے، یہ ٹیکنیشن ہے تاکہ پتہ تو چلے یہ کون ہے؟ (تالیاں) تو میرے خیال میں پہلی جولائی کے بعد میں کسی ہسپتال میں بغیر ڈریس کے، بغیر بیج کے کوئی ڈاکٹر نہ دیکھوں Otherwise پھر ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کی سختی آ جائے گی۔ یہ میں فرسٹ جولائی Last day دے رہا

ہوں۔ اچھا، پھر ہیلتھ میں، اچھا اس میں کچھ ایسے علاج ہیں جو بہت مہنگے ہیں، وہ ہم نے فری کر دیئے ہیں۔ اس میں کینسر کے علاج کو فری کر دیا ہے، ہیپاٹائٹس کا فری کر دیا ہے، کڈنی 'ٹرانس پلانٹ' کا فری کر دیا ہے، ڈائیلائسز فری کر دیئے ہیں، انسولین جو انجکشنز ہیں، وہ فری کر دیئے ہیں اور ساتھ ہیلتھ انشورنس اور ساتھ ساتھ ایمر جنسی میں آپ کو پتہ بھی ہوگا کہ ایمر جنسی ہم نے مکمل فری کر کے، پچھلے سال ہم نے تقریباً ایک ارب، (تالیاں) پچھلے بجٹ میں ہم نے تقریباً ایک ارب روپے سب ہسپتالوں میں تقسیم کئے۔ اس سال بھی دیں گے، وہاں پر ایمر جنسی علاج فری ہوگا، دوائی فری ہو گی، ڈاکٹر ان شاء اللہ چوبیس گھنٹے ادھر موجود ہونا چاہیئے، اگر نہیں ہوگا، کہیں بھی آپ کو پتہ چلے کہ ڈاکٹر موجود نہیں ہے، پلیز ایک میسج مجھے یا ہیلتھ منسٹر کو کر دیا کریں، ہم ضرور ایکشن لیں گے۔ اس کے علاوہ جیسے میں نے ذکر کیا کہ گیس سے بجلی بنانا، وہ تو ہو گیا، پھر تیسری بات پٹوار کلچر، یہ پٹواری بھی عجیب مسئلہ ہے، میں آپ کو مثال دوں۔ میں نے کئی لوگ بھرتی کئے ہیں جن کے پاس سائیکل بھی نہیں ہوتی تھی، آج ان کے بنگلے ہیں، ان کی زمینیں ہیں اور اب انہوں نے ہڑتال کر دی ہے سارے صوبے میں اور سب سے پہلی ڈیمانڈ کیا ہے انکی؟ سب سے پہلی ڈیمانڈ یہ کہ ہمارے خلاف کیسز نہ کھولو، جو ہم نے کیا ہے اس کو معاف کر دو، آئندہ نہیں کریں گے۔ تو یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ چوری کر و اور پھر کہو کہ معاف کرو؟ باقی ہم ان کیلئے سروس سٹرکچر ہے، ان کی تنخواہیں ہم نے پچاس فیصد بڑھائی ہیں، ان کو اور بھی مراعات دے رہے ہیں لیکن یہ نہیں ہو سکتا کہ کوئی غلط کام کسی نے کیا ہو اور اس کو معاف کیا جائے۔ (تالیاں) تو پٹواری کے سسٹم میں مجھے امید ہے کہ آپ کو کچھ نظر آیا ہو گا، نہیں آیا ہوگا تو پھر ہم سب کی ذمہ داری ہے کہ کیوں نہیں آیا؟ آپ کو اپنے حلقے میں چیک کرنا چاہیئے کہ کسی صورت میں کوئی کسی سے رشوت نہ لے کیونکہ بڑی سادھی سی بات ہے، ان کو میں نے ایک Proforma دیا ہوا ہے، اس پہ لکھا ہوا ہے کہ میں حلفاً کہتا ہوں کہ اس ڈیل میں، خرید و فروخت میں کوئی رشوت نہیں لی، بیچنے والے اور لینے والے دونوں کے ٹیلی فون نمبرز ہیں، وہ سارا ریکارڈ، اے سی بھی دستخط کرتا ہے، پٹواری بھی، تحصیلدار بھی، ڈی سی بھی دستخط کرتا ہے۔ اسکا مطلب ہے کہ سب قسم کھاتے ہیں کہ رشوت نہیں لی، تو جو رشوت اس میں پکڑی جائے گی، اس کا مطلب ہے کہ ڈی سی نے حصہ لیا ہے، اے سی نے لیا ہے، تحصیلدار نے لیا کیونکہ سب نے قسم کھا کے اس پر دستخط کئے ہیں اور ساتھ ساتھ ہم پھر ٹیلی فون

کالزمیرے آفس سے بھی جاتے ہیں، ہر کمشنر اور ڈی سی آفس سے بھی جاتے ہیں، تواب یہ پٹواری بڑے تیز ہیں، انہوں نے ایک اور کام نکال دیا ہے کہ وہ ڈیلرز کے نمبر زدے دیتے ہیں، توڈیلرز کو فون کرتے ہیں، کہہ دیتے ہیں کہ سب کچھ ٹھیک ہے۔ میں نے اپنے ایس ایم بی آر کو کہا کہ اس کا کوئی راستہ نکالیں کیونکہ چور دوسرے راستے سے چوری کا راستہ نکالتا ہے۔ (قہقہے) تو یہ عجیب سا کام ہے تو اس کیلئے بھی ہم کر رہے ہیں اور ساتھ ساتھ یہ کمپیوٹرائزڈ ہونے والا ہے، اس کا مسئلہ ہی ختم ہو جائے گا۔ تو یہ ایک بہت بڑا کام ہے، یہ پچھلے کئی سالوں سے جاری ہے اور پچھلے سال ہم نے اس پہ کام شروع کیا ہے اور پیسہ بھی رکھا ہے، ان شاءاللہ تعالیٰ اگلے مہینے مردان کانوے فیصد علاقہ کمپیوٹرائزڈ ہو جائے گا، ان شاءاللہ اس کا افتتاح ہو گا۔ اس کے بعد پشاور کے دوٹاؤن بھی تیار ہو گئے ہیں تو مجھے امید ہے کہ دو تین سال کے اندر اندر سارا صوبہ کمپیوٹرائزڈ ہو جائے گا اور یہ جو رشوت کا کلچر ہے، ان شاءاللہ اس سے ہماری جان چھوٹ جائے گی۔ دوسرا پولیس کیلئے ہم آن لائن ایف آئی آر جیسے آپ کو پتہ ہے Different جگہوں پہ انہوں نے کیمرے لگانے شروع کر دیئے، Terrorism کیلئے Counter Terrorism Force بنا دی ہے، تقریباً پچیس سو لوگ اس میں کام کر رہے ہیں۔ تھانوں میں خواتین کے ڈیسکس ہم نے کھول دیئے ہیں اور مقامی جرگہ، مصالحتی کمیٹیوں کا کردار، یہ مصالحتی کمیٹیاں ہم نے بنائی ہیں، اس سے پہلے بھی بنی تھیں لیکن وہ ساری سیاسی تھیں، وہ سیاست اس میں چل رہی تھی اور جس کو مرضی پھانسی دو، جس کو مرضی چھوڑ دو، ہم نے وہ نہیں کیا، میں نے آئی جی کو، ڈی آئی جی کو Straight directions دی ہیں کہ کوئی سیاسی آدمی، نہ میرا نہ کسی اور کا اس میں نہیں ہو گا، اس میں وہ لوگ ہوں گے جو خدمت کرنا چاہتے ہیں، جو بہتری لانا چاہتے ہیں، اس میں پروفیشنلز ہوں، اس میں وکیل ہوں، اس میں ریٹائرڈ پروفیسرز ہوں، اس میں ریٹائرڈ فوجی ہوں جو بھی بہتر کام کر سکیں لیکن کوئی سیاست نہیں ہونی چاہیئے۔ میں پشاور گیا، آپ یقین کریں ادھر ایک کمیٹی میں نے دیکھی، مجھے اس وقت سارے نام یاد نہیں، اس میں جنرلز تھے، اس میں ججز تھے، اسمیں بہت سینیئر وکیل تھے۔ تین جگہ میں نے دیکھی، میں نے اس نام کو دیکھا، میں فخر کرتا ہوں اپنی پولیس پر کہ انہوں نے اچھے لوگوں کو ڈالا، تو اسی طرح ہر ڈسٹرکٹ میں آپ لوگ Recommend کر سکتے ہیں 'نان پولیٹیکل' لوگ، آپ ایس پی کو Recommend کر سکتے ہیں کہ یہ 'نان پولیٹیکل' ہے، یہ خدمت کرنا چاہتا

ہے، بالکل Accommodate ہو گا لیکن اس میں سیاست نہیں ہونی چاہیئے کیونکہ یہ فیصلے ہمارے نہیں ہیں، غریب لوگوں کے چھوٹے چھوٹے مسئلے ہیں تو وہ صحیح طریقے سے حل ہو سکیں۔ دوسرا یہ لوڈشیڈنگ، لوڈشیڈنگ میرا مسئلہ نہیں ہے، اچھا، دوسری بات ہمارے صوبے، ہمارے ملک میں فارن ایڈ آتی ہے، ہم پر بہت احسان کیا جاتا ہے کہ ہم نے بڑے پیسے دیئے اور ہم نے بڑے کام کر دیئے اور ایسے لگ رہا ہے کہ جیسے ہم ان کے پیسے پہ چل رہے ہیں۔ یقین کرو میری میٹنگ ہوئی، جوان کا ہیڈ ہے ساری دنیا کا، میں نے اس کو کہا کہ مجھے آپ کے پیسے نہیں چاہئیں، مجھے آپ کا ایک ٹکہ بھی نہیں چاہیئے، تو وہ بڑا عجیب سا مجھے دیکھنے لگا کہ کیوں؟ میں نے کہا آپ کا پیسہ تو کھانے میں چلا جاتا ہے، گاڑیوں میں چلا جاتا ہے، دفتروں میں چلا جاتا ہے، 'آن گراؤنڈ' کچھ بھی نہیں۔ یہاں پر آپ نے اربوں روپے دیئے کہ ہم نے آپ کے سکولز ٹھیک کر دیئے، ان کو Train کر دیا، میں نے ان سے پوچھا کتنا Train کیا؟ کہتا ہے کہ ایک سکول میں ہم ایک دن ٹریننگ دیتے ہیں، میں نے کہا ایک دن ٹریننگ پچاس ٹیچرز کی اور اس پر خرچہ پانچ لاکھ کیونکہ اس میں گاڑیاں بھی چلیں گی، اس میں کھانے بھی چلیں گے، اس میں فضولیات بھی ہوں گی تو ان کو میں نے کہا اگر ہماری حکومت کی مرضی پر ہمارے فنڈز استعمال آپ کرنے دیں گے تو میں لینے کو تیار ہوں، اگر نہیں کرنے دیں گے تو آپ اپنا پیسہ اپنے پاس رکھیں، ہمیں کوئی ضرورت نہیں۔ پھر وہ میرے ساتھ Agree کر گئے اور پھر ہمارے کہنے کے مطابق اسمیں سے کئی گاڑیاں ہم نے کاٹیں، دفتروں کا سلسلہ اس میں سے کاٹا، بہت چیزیں اسمیں کاٹیں تاکہ Actually on ground یہ پیسہ خرچ ہو، یہ نہ ہو کہ ہوا میں پیسے چلتے رہیں اور یہ ساری دنیا ہم پر احسان کرتی رہے کہ ہم پہ پیسے، تو اگر ہم کسی سے پیسہ لیں گے تو اس کو صحیح استعمال کریں گے Otherwise ہمیں ان کا پیسہ نہیں چاہیئے کیونکہ یہ پیسے چند لوگوں کی جیبوں میں جا رہے ہیں جو کسی صورت میں ہم نہیں برداشت کر سکتے ہیں کہ ہمارے اوپر احسان بھی ہو اور ہمیں پریکٹیکل کچھ ملا بھی نہیں۔ اچھا دوسرا سرکاری ملازمین کا ہے، کیونکہ ہمارے کب ملیں گے؟ پھر بھی ہم نے 10 پرسنٹ ان کا Increase کیا اور ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن، سروس کیڈر، اب دو بڑے کام ہم نے کر دیئے، اب کر تو دیئے لیکن باقی سارا صوبہ اٹھ کھڑا ہو گیا کہ بھئی! اب ہمارا بھی کر دو۔ ہم نے 'ینگ' ڈاکٹرز کا سروس سٹرکچر آپ کو پتہ ہو گا کہ ادھر بہت بڑی ہڑتال تھی، بھوک ہڑتال تھی، 'ینگ' ڈاکٹرز کا سروس سٹرکچر ہم نے ان

کو دے دیا ہے، ان شاءاللہ تعالیٰ اس سروس سٹرکچر ملنے سے ان ہسپتالوں میں آپ خود تبدیلی دیکھیں گے کیونکہ ان کو جو اختیارات دیئے گئے ہیں، اس کے مطابق انہوں نے ڈیوٹی بھی کرنی ہے اور پھر شام کو بھی کام کرنا ہے، اس میں فرق شروع ہو جائے گا۔ پھر ہم نے جو کلرکس ہیں، ان کو بھی سروس سٹرکچر دیا، اب مسئلہ آگیا باقی سارے صوبے کا کیونکہ کلاس فور بھی چاہتے ہیں اور باقی جو جتنے رہ گئے ہیں، وہ بھی چاہتے ہیں کہ ہمیں ترقی ملے اور تنخواہیں بڑھیں تو اس کیلئے ہم نے صوبے کی سطح پر ایک کمیٹی بنائی ہے، ابھی شاہ فرمان بتا رہا تھا، ایک رف حساب کیا کہ اگر ہم سب کو سروس سٹرکچر دیں تو دس ارب روپیہ ہمیں خرچہ اٹھانا پڑے گا۔ تو ہم کوشش کر رہے ہیں کہ اور اس پہ محنت کریں، کام کریں کہ کم سے کم خرچہ برداشت کرنا پڑے لیکن پھر بھی ان سب کو میں یقین دلاتا ہوں کہ چاہے جتنا خرچہ ہو، ہم نے آپ کا کام کر کے دینا ہے، (تالیاں) ہم نے ان کو سروس سٹرکچر دینا ہے کیونکہ اگر ایک سرکاری نوکر پریشان ہو، اس کے مسئلے ہوں، اس کے گھر کے خرچے پورے نہ ہوں تو کیا کام کرے گا؟ نہ وہ کام کرے اور ہم بھی پریشان اور سارا صوبہ بھی پریشان، تو ان شاءاللہ تعالیٰ ان کیلئے جتنا ہو سکے ہم ضرور ان سب کیلئے یہ سروس سٹرکچر یا جو کچھ کرنا ہوگا، ہم ان شاءاللہ ان کیلئے کریں گے۔ سر! چونکہ وقت کم ہے، باقی میں سارے صوبے کے لوگوں کو ایک ہی پیغام دینا چاہتا ہوں کہ یہ آپ کی حکومت آپ کی خدمت کیلئے آئی ہے لیکن ہم آپ سے امید بھی یہ کرتے ہیں کہ آپ نے کام بھی کرنا ہے، آپ نے دلجوئی سے کام کرنا ہے، محنت کرنی ہے کیونکہ یہ صوبہ بہت برے حالات میں ہے، امن وامان کا مسئلہ ہے، بے روزگاری کا مسئلہ ہے، رشوت بہت ہے، یہ رشوت کو ختم کرنا پڑیگا۔ میں اکثر کہتا ہوں جس نے تنخواہ پہ گزارہ کرنا ہے وہ اس صوبے میں رہے، جس نے اس تنخواہ پہ گزارہ نہیں کرنا ہے، خدا کیلئے ہماری جان چھوڑو، ہمیں چور ڈاکو نہیں چاہیئے (تالیاں) کیونکہ اب بہت ہو چکا ہے اور مطلب یہ ہے کہ کوئی کہے کہ میں غلط بات کر رہا ہوں، یہ غلط بالکل نہیں ہے، میں نے یہ سارا تماشا دیکھا ہے اور اب ہماری برداشت سے باہر ہے، تو آپ سب ہاؤس کو خوش رکھیں دیکھیں، میں آپ کو ایک بات بتاتا ہوں، یہ پہلی حکومت ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب فریڈرک عظیم</u>: مینارٹی کیلئے بھی کچھ کریں، ان کیلئے تو آپ نے کچھ نہیں کیا۔

(شور)

جناب وزیر اعلیٰ: نہیں، مینارٹی کیلئے تو میں نے پہلے ہی کہہ دیا ہے۔

جناب فریڈرک عظیم: Last year آپ نے۔۔۔۔۔

جناب وزیر اعلیٰ: سنیں، سنیں، مینارٹی کیلئے میں نے پچھلے سال چونکہ ہمارا خیال، اس سال ہم نے تین گنا بجٹ بڑھایا ہے، ابھی بھی، سنو تو سہی۔۔۔۔۔

جناب فریڈرک عظیم: جب ہم بات کرتے ہیں تو آپ۔۔۔۔۔

جناب وزیر اعلیٰ: نہیں نہیں، اور اگر آپ نہیں سنیں گے تو میں کچھ نہیں کرونگا، آپ سنیں تو سہی نا، میں نے آپ مینارٹیز کے ممبرز کو کہا ہے اس دن بھی، آپ کے پاس جو اچھی سکیم ہو، چرچ کی ہو، مندر کی ہو، کسی چیز کی ہو، آپ سکیم لائیں میں منظور کرونگا، (تالیاں) اس میں کوئی بات ہے، اب میں ہر حالت میں، میں نے وعدہ کیا تھا سورن سنگھ سے کہ آپ سکیم لائیں، ہم اس کو منظور کرینگے، کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ پھر اس دفعہ، چونکہ اس دفعہ ہم نے نئی سکیمیں نہ ہیلتھ میں رکھی ہیں، نہ ایجوکیشن میں، وہی امبریلا سکولز ہیں لیکن روڈز میں گنجائش تھی، میں نے سب گورنمنٹ اور اپوزیشن سے سکیمیں لیں، میں نے تقریباً کوئی دس پرسنٹ ایسے ایم پی ایز ہیں جن کو Accommodate نہیں کیا ہوگا یا دس پندرہ، دس پرسنٹ ہی ہونگے باقی سب کو۔۔۔۔۔

اراکین: ہمیں بھی نہیں کیا۔

(شور)

جناب وزیر اعلیٰ: مجھے پتہ ہے، جس کو نہیں کیا وہ ہاتھ کھڑا کریں، یہ دیکھیں نا، یہ پانچ ہیں، دیکھیں پانچ چھ ہیں یا جو (شور) تو ٹھیک ہے، سنو تو سہی، میں بھی حکومتوں میں رہا ہوں، کبھی کسی نے اس طرح نہیں کیا، ہم آپ کو برابر سمجھتے ہیں، یہ جو لوگ رہ گئے ہیں جن سے میں ذاتی ملا ہوں، میں ان سے کمٹمنٹ کر چکا ہوں کہ میں آپ سب کو Accommodate کرونگا، کوئی بھی ان شاءاللہ اس میں نہیں رہے گا، سب کو کیا جائے گا۔ (تالیاں) تو باقی جو ہمارے پاس امبریلا سکیمز ہیں، ان میں انصاف ہوگا، ناانصافی نہیں ہوگی، پچھلے سال بھی اتنی ناانصافی نہیں کیونکہ (شور) سنیں، دیکھو میں آپ کو بتاؤں، میں بھی اس حکومت میں رہا ہوں، میں بھی آپ کے ساتھ اسمبلی میں منسٹر رہا ہوں، مجھے سال میں دو کروڑ روپے ملتے تھے اور

چیف منسٹر صاحب جو میرے دوست بھی تھے، کمٹمنٹ کے بعد تین سال میں مجھے ایک کروڑ روپیہ اس نے دیااور کہا کہ میں نے بڑاکام کر دیا، تو تین سال میں مجھے ایک کروڑ روپے ایکسٹر املااور ان شاءاللہ آپ لوگ فکر نہ کریں، پچھلے سال سے بہت بہتر ہوگا، یہ وعدہ ہے میرا۔ مہربانی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: شکریہ جی، شکریہ۔ ایک منٹ، آپ بیٹھ جائیں جی، آپ بیٹھ جائیں۔ آپ لوگوں کی اتنی لمبی لمبی تقریریں میں نے سنی ہیں، میں صرف ایک عرض کرتا ہوں، صرف ایک ریکویسٹ ہے کہ یہ چونکہ رمضان ہے اور خاصکر جو ہمارے ساؤتھ کے معزز ممبران ہیں، میں ان سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اس وقت ہم سب پہ امتحان ہے لیکن سب سے بڑاامتحان آپ کا ہے اور اپوزیشن کا ہو، حکومت کا ہو، اس کی Moral responsibility یہ ہے کہ اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور لیڈرشپ دکھائیں۔ اب میں اجلاس کے متعلق جناب گورنر صاحب خیبر پختونخوا کا فرستادہ فرمان پڑھ کر سناتا ہوں:

"In exercise of the power conferred by Clause (b) of Article 109 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I, Sardar Mehtab Ahmad Khan, Governor of Khyber Pakhtunkhwa, do hereby order that the Provincial Assembly shall stand prorogued on Wednesday, 25th June, 2014, after conclusion of its business fixed for the day, till such date as hereafter be fixed".

اس فرمان کی روسے میں اجلاس کو غیر معینہ مدت کیلئے ملتوی کرتا ہوں اور آپ کیلئے، ایم پی ایز صاحبان کیلئے روٹی کاانتظام کیاگیاہے، روٹی ہمارے پاس کھائیں گے۔

---

(اجلاس غیر معینہ مدت تک کیلئے ملتوی ہوگیا)